

جامعات میں

اِقبال کا تحقیقی اور تنقیدی مُطالعہ

ایک جائزہ

ڈاکٹر سیّد مُعین الرحمٰن



جامعات میں

اِقبال کا تحقیقی اور تنقیدی مُطالعہ

ایک جائزہ

ڈاکٹر سیّد مُعین الرحمٰن

نیشنل کمیٹی برائے صد سالہ تقریبات ولادت علامہ محمد اقبالؒ

اِقبال اکادمی پاکستان

۹۰-بی-۲-گلبرگ ۳ ○ لاہور

جملہ حقوق محفوظ

ناشر ڈاکٹر محمد معزالدین
ڈائریکٹر ، اقبال اکادمی پاکستان ، لاہور

طابع سید اظہارالحسن رضوی

مطبع مطبع عالیہ ، ۱۲۰ ٹمپل روڈ ، لاہور

طبع اول ۱۹۷۷ء

تعداد ۱۱۰۰

مندرجات :

دیباچہ : ڈاکٹر سید معین الرحمٰن	۹
۱ ۔ مقالہ ڈی ۔ لٹ [فارسی]	۲۵
۲ ۔ مقالات پی ایچ ۔ ڈی :	
(الف) گوشوارۂ مقالات [تکمیل شدہ]	۲۹
(ب) گوشوارۂ مقالات [زیرِ تکمیل]	۳۷
۳ ۔ مقالات کا توضیحی تعارف :	
(الف) مقالات پی ایچ ۔ ڈی [اُردو]	۴۳
(ب) مقالات پی‌ایچ ۔ ڈی [فلسفہ]	۵۷
(ج) مقالہ پی ایچ ۔ ڈی [فارسی]	۷۱
(د) مقالہ پی ایچ ۔ ڈی [سیاسیات]	۷۹
(ہ) مقالہ پی ایچ ۔ ڈی [اسلامیات]	۸۵
۴ ۔ مقالات ایم ۔ اے وغیرہ :	
(الف) مجموعی گوشوارۂ مقالات [مصنف وار]	۸۹
(ب) گوشوارۂ مقالات [شعبہ وار] :	
۱ ۔ ایم ۔ اے [اُردو]	۱۱۲
۲ ۔ ایم ۔ اے [فلسفہ]	۱۲۷
۳ ۔ ایم ۔ اے [فارسی]	۱۳۳
۴ ۔ ایم ۔ اے [سیاسیات]	۱۳۷
۵ ۔ ایم ۔ اے [اسلامیات]	۱۴۹

۶ - ایم - ایڈ ، ایم - اے [ایجوکیشن] ۱۴۵
۷ - ایم - اے [معاشیات] ۱۴۹
۸ - ایم - اے [تاریخ] ۱۵۱
۹ - ایم - اے [عربی] ۱۵۳
۱۰ - ایم - اے [لائبریری سائنس] ۱۵۵
۱۰ - منشی فاضل [فارسی] ۱۵۷

۵ - مقالات کا توضیحی تعارف [باعتبارِ موضوع] :
(الف) شعری تصنیفات ۱۶۱
(ب) اردو شاعری ۱۸۱
(ج) فارسی شاعری ۲۱۷
(د) نثر نگاری ۲۲۹
(ہ) افکار و تصورات ۲۴۳
(و) مذہبیات ۲۹۱
(ز) تقابلی جائزے ۳۱۷
(ح) سیاسیات ۳۳۱
(ط) اماکن ۳۵۵
(ی) وضاحتی فہرستیں ۳۷۵
(ک) متفرقات ۳۸۹

۶ - مآخذ : ۴۰۳

۷ - اشاریۂ کتاب : ۴۱۷

* * *

نذر

جامعات میں اقبال پر تحقیقی اور تنقیدی کام کا جو جائزہ اس وقت اقبال کے شائقین کے ہاتھ میں ہے ، اسے تحریر کرنے کی خدمت میں نے اپنے کرم فرمائے دیرینہ برادرِ محترم پروفیسر سید وقار عظیم صاحب کے ایمائے خاص پر قبول کی تھی — کسے خبر تھی کہ جب یہ کام پایۂ تکمیل کو پہنچے گا تو وہ اللہ کو پیارے ہوچکے ہوں گے - مرحوم زندہ ہوتے تو میں اپنی کاوشوں کا یہ ناچیز ثمر اُن کی خدمت میں پیش کرنے کی عزت اور سعادت حاصل کرتا ، لیکن قدرت کو کچھ اور ہی منظور تھا — اب میں بچشمِ پرنم یہ ناچیز ہدیہ مرحوم کی روحِ پرفتوح کی نذر کرتا ہوں جس کا فیضان دنیائے علم و ادب میں ہمیشہ جاری و ساری رہے گا -

— ڈاکٹر سید معین الرحمٰن

* * *

ڈاکٹر سید معین الرحمٰن

موجودہ مصروفیت :

وائس پرنسپل ، پروفیسر و صدر شعبۂ اردو
گورنمنٹ کالج ، فیصل آباد (لائل پور)

مطبوعات و مرتبات :

۱ - بابائے اردو—احوال و افکار	۱۹۶۴ء ، ۱۹۷۶ء
۲ - سید وقار عظیم—سوانحی خاکہ	۱۹۶۷ء ، ۱۹۷۷ء
۳ - نقدِ عبدالحق	۱۹۶۸ء
۴ - خیالستانِ یلدرم	۱۹۶۸ء ، ۱۹۷۶ء
۵ - اشاریۂ غالب	۱۹۶۹ء
۶ - مطالعۂ یلدرم	۱۹۷۱ء
۷ - غالبیات کا تحقیقی و توضیحی مطالعہ	۱۹۷۲ء
۸ - غالب اور انقلاب ستاون	۱۹۷۳ء - ۱۹۷۶ء
۹ - آپ بیتی—رشید احمد صدیقی	۱۹۷۴ء - ۱۹۷۷ء
۱۰ - ذکرِ عبدالحق	۱۹۷۵ء
۱۱ - فرمودات عبدالحق	۱۹۷۷ء
۱۲ - قائد اعظم اور لائل پور	۱۹۷۷ء
۱۳ - جامعات میں اقبال کا تحقیقی اور تنقیدی مطالعہ	۱۹۷۷ء
۱۴ - اقبالیات کا مطالعہ (سید وقار عظیم)	۱۹۷۷ء

مستقل پتہ : رحمٰن اسٹریٹ نمبر ۱ ، بہاول نگر۔



علّامہ محمّد اِقبالؒ

(۱۸۷۷ — ۱۹۳۸)

عرضِ حال ، صورتِ احوال [دیباجہ]

ڈاکٹر سید معین الرحمٰن

علامہ اقبال ہمارے شعر و ادب کی آن خوش قسمت استثنیات میں سے ہیں جو اپنی زندگی ہی میں اہلِ علم کی توجہ کا مرکز بن جاتی ہیں ۔گزرانِ وقت کے ساتھ آن کی محبوبیت اور مرکزیت بڑھتی ہی جا رہی ہے ۔ ہماری جامعات کا وہ بالخصوص بہت محبوب اور مرغوب موضوع ہیں اور رہے ہیں ۔ پیشِ نظر کتاب ، مختلف یونیورسٹیوں میں علامہ اقبال کے بارے میں لکھے گئے تحقیقی اور تنقیدی مقالات کے تعارف پر مبنی ہے ۔

دانائے راز علامہ اقبال کی ولادت کے صد سالہ جشن کی یادگاری تالیفات کے سلسلے میں زیرِ نظر کتاب وفاقی حکومت کے ایک بڑے طباعتی منصوبے کے تحت شائع ہو رہی ہے ۔ یہ کام ابتداً پروفیسر سید وقار عظیم صاحب کے سپرد ہوا تھا ، جنھوں نے اپنی دوسری علمی مصروفیات کے باعث اس کام کے لیے مجھ پر بھروسہ کیا ۔ ۱۷ ۔ نومبر ۱۹۷۶ء کو ان کی ناگہاں رحلت سے یہ کام جہاں کا تہاں رہ گیا ۔

سالِ رواں کے اوائل میں یہ فیصلہ ہوا کہ میں کتاب کا مسودہ مارچ کے آخر تک اشاعت کے لیے تیار کر دوں ۔ جنوری سے جون تک کا زمانہ ملکی ''انتخابات'' کی ہمہ ہمی کی نذر ہوا اور

ہزار کوشش کے باوجود طبیعت مواد کی جمع و ترتیب کی طرف مائل نہ ہوئی :

فکرِ جمیل خوابِ پریشاں ہے آج کل
شاعر نہیں ہے وہ جو غزل خواں ہے آج کل

اضطراب اور اضمحلال کے ان ایام میں جگر مراد آبادی کے اس شعر کی معنویت اور واقعیت نے مجھے سہارا دیا اور اپنے تئیں میں نے اس شعر کے حوالے سے کام نہ کر پانے کا جواز پایا ۔

وسط جولائی سے تعلیمی ادارے کھل گئے اور مجھے فیصل آباد واپس جانا پڑا ، غرض اس سخت اور تلخ صورتِ حال میں محدود وقت اور وسائل کے ساتھ ، لاہور کے سے علمی مرکز سے باہر اور دور رہ کر یہ کام بصورتِ موجودہ تکمیل کو پہنچا ۔

(۲)

پچھلی ایک چوتھائی صدی میں علامہ اقبال پر پی ایچ ۔ ڈی کی سطح کے متعدد مقالات لکھے گئے ۔ لکھنؤ یونیورسٹی کے شعبۂ فارسی میں اقبال پر ڈی لٹ کی ڈگری کے لیے بھی کام ہو رہا ہے ۔ مجھے اقبال پر پی ایچ ۔ ڈی کے سولہ مقالات کا سراغ ملا ہے ۔ یہ سولہ تحقیقی مقالے پانچ مختلف زبانوں میں لکھے گئے ہیں ۔ ان میں سے آٹھ انگریزی زبان میں ہیں ، پانچ اردو میں ، ایک چیک زبان میں ، ایک فارسی اور ایک عربی میں ۔ ایک مقالے پر ابھی ڈگری تفویض نہیں ہوئی ، بقیہ پندرہ مقالات پر بہ تفصیلِ ذیل دنیا کی دس یونیورسٹیوں سے پی ایچ ۔ ڈی کی اسناد عطا

ہوئیں :

۱ - مسلم یونیورسٹی ، علی گڑھ	چار ڈگریاں : تین شعبۂ فلسفہ میں ایک اُردو میں ۔
۲ - پنجاب یونیورسٹی ، لاہور	تین ڈگریاں دو شعبۂ فلسفہ میں ، ایک سیاسیات میں ۔
۳ - ڈرہم یونیورسٹی ، انگلستان	شعبۂ فلسفہ میں ایک ڈگری ۔
۴ - تہران یونیورسٹی ، تہران	شعبۂ فارسی میں ایک ڈگری ۔
۵ - عین الشمس یونیورسٹی ، قاہرہ	شعبۂ عربی میں ایک ڈگری ۔
۶ - کراچی یونیورسٹی ، کراچی	شعبۂ اردو میں ایک ڈگری ۔
۷ - الٰہ آباد یونیورسٹی ، الٰہ آباد	شعبۂ اردو میں ایک ڈگری ۔
۸ - گورکھپور یونیورسٹی ، گورکھپور	شعبۂ اردو میں ایک ڈگری ۔
۹ - چارلز یونیورسٹی ، پراگ ، چیکوسلووا کیہ	شعبۂ اردو میں ایک ڈگری ۔
۱۰ - بہار یونیورسٹی ، مظفر پور ، بہار	شعبۂ اردو میں ایک ڈگری ۔

ان تحقیقی مقالات میں سے بیشتر چھپ چکے ہیں ، بعض بہ تمام و کمال ، کچھ جزواً ۔ ایک مقالہ زیرِ طبع ہے ۔ پی ایچ ۔ ڈی کے ان سولہ مقالات میں سے تین ، خواتین کی تحقیق و تلاش اور محنت و ریاضت کا نتیجہ ہیں ۔ یہ سب مقالے اپنے اپنے مضمون اور میدان کے معتبر اور ممتاز معلمین اور محققین کی رہنمائی میں لکھے گئے

مثلاً :

(۱) اُردو :

بابائے اردو ڈاکٹر مولوی عبدالحق ، پروفیسر رشید احمد صدیقی ، ڈاکٹر اعجاز حسین ، ڈاکٹر محمود الٰہی -

(۲) فلسفہ :

پروفیسر ایم - ایم - شریف ، پروفیسر ایم عمرالدین ، ڈاکٹر سید ظفر الحسن ، ڈاکٹر سی - اے - قادر ، پروفیسر خواجہ غلام صادق -

(۳) سیاسیات :

پروفیسر ڈاکٹر منیر الدین چغتائی -

(۴) فارسی :

پروفیسر ڈاکٹر حسین خطیبی -

ان عالموں کے اسماء کام کے معیاری ہونے کی بدیہی ضمانت ہیں -

اقبال پر پی ایچ - ڈی کی سطح کے سولہ مقالے مکمل ہوچکے ہیں اور کم و بیش اتنے ہی بہ تفصیلِ ذیل برعظیم پاک و ہند کی آٹھ یونیورسٹیوں میں زیرِ تکمیل ہیں :

۱ - بہار یونیورسٹی ، مظفر پور ، بہار

۲ - مسلم یونیورسٹی ، علی گڑھ

۳ - دہلی یونیورسٹی ، دہلی

۴ - بھوپال یونیورسٹی ، بھوپال

۵ - جبل پور یونیورسٹی ، جبل پور

۶ - جموں و کشمیر یونیورسٹی ، سری نگر

۷ - سندھ یونیورسٹی ، حیدرآباد

۸ - پنجاب یونیورسٹی ، لاہور

بہار یونیورسٹی (مظفر پور) میں تین اور مسلم یونیورسٹی (علی گڑھ) میں دو اصحاب اقبال پر تحقیقی کام میں مصروف ہیں - باقی جامعات سے ایک ایک ریسرچ اسکالر وابستہ ہے - ان تیرہ اہلِ علم میں سے صرف دو اصحاب پاکستانی یونیورسٹیوں سے متعلق ہیں - سندھ یونیورسٹی (حیدر آباد) میں ۱۹۵۷ء میں اقبال پر پی ایچ - ڈی کے لیے موضوع تجویز اور منظور ہوا تھا ، اب اسے بیس برس ہو گئے ، روزِ تکمیل دیکھنا شاید اس کے نصیب میں نہیں - پنجاب یونیورسٹی (لاہور) نے حال ہی میں پہلی بار شعبۂ اردو میں اقبال پر تحقیقی کام کی اجازت دی ہے - رفیع الدین ہاشمی (اسسٹنٹ پروفیسر ، شعبۂ اردو ، گورنمنٹ کالج ، سرگودھا) کو اس کام کے لیے منتخب کیا گیا ہے - اس طرح پاکستان میں اس وقت گویا وہ واحد اسکالر ہیں جو اقبال پر پی ایچ - ڈی کے لیے تحقیقی کام کر رہے ہیں - ظاہر ہے یہ کافی نہیں -

لاہور ، پنجاب یونیورسٹی اور اورئینٹل کالج سے علامہ اقبال کی وابستگی اور دل بستگی کے حوالے سے یونیورسٹی اورئینٹل کالج لاہور کے اربابِ تدبیر کو کشادہ دلی کے ساتھ اپنا فرض اور اپنی ذمہ داری جاننی اور پہچاننی چاہیے - اس کے لیے باقاعدہ منصوبہ بندی اور اقبال پر کام کرنے والوں کی حوصلہ افزائی ضروری ہے -

(۳)

پی ایچ - ڈی کے مقالات سے قطع نظر ، یونیورسٹی ڈگری کی جزوی تکمیل کے سلسلے میں میری تلاش اور تحقیق کے مطابق تقسیمِ ہند کے بعد سے اب تک دنیا کی نو مختلف یونیورسٹیوں میں اقبال پر ۱۱۹ مقالات مرتب ہوئے - یہ مقالات جن بارہ مختلف ڈگریوں کے حصول کے لیے لکھے گئے ، اُن کی تفصیل یہ ہے :

۱ - ایم - اے (اردو) ۶۵ مقالات (طلباء ۱۹ ، طالبات ۴۶)

۲ - ایم - اے (فلسفہ) ۲۰ مقالات (طلباء ۷ ، طالبات ۱۳)

۳ - ایم - اے (فارسی) ۸ مقالات (طلباء ۴ ، طالبات ۴)

۴ - ایم - اے (سیاسیات) ۷ مقالات (طلباء ۶ ، طالبہ ۱)

۵ - ایم - اے (اسلامیات) ۵ مقالات (طلباء ۲ ، طالبات ۳)

۶ - ایم - ایڈ (ایجوکیشن) ۷ مقالات (طلباء ۹ ، طالبات ۳)

۷ - ایم - اے (ایجوکیشن) ۱ مقالہ (میاں محمد طفیل)

۸ - ایم - اے (معاشیات) ۱ مقالہ (رفعت یعقوب)

۹ - ایم - اے (تاریخ) ۱ مقالہ (نسرینہ طاہرہ)

۱۰ - ایم - اے (عربی) ۱ مقالہ (سمیر عبدالحمید ابراہیم)

۱۱ - ایم - اے (لائبریری سائنس) ۱ مقالہ (محمد اسلم)

۱۲ - منشی فاضل (فارسی) ۲ مقالات (محمد اکرم، عبدالرحمٰن دستی)

ان ۱۱۹ مقالات میں سے ۱۱۳ پاکستان کی تین یونیورسٹیوں میں لکھے گئے :

۱ - پنجاب یونیورسٹی ، لاہور : ۹۸ مقالات

۲ - سندھ یونیورسٹی ، حیدر آباد : ۸ مقالات

۳ - کراچی یونیورسٹی ، کراچی : ۷ مقالات

ایک مقالے پر امریکن یونیورسٹی آف بیروت ، لبنان سے اور ایک پر قاہرہ یونیورسٹی سے ڈگری ملی - باقی چار مقالے ہندوستان کی ان چار یونیورسٹیوں میں پیش کیے گیے :

۱ - مسلم یونیورسٹی ، علی گڑھ

۲ - کشمیر یونیورسٹی ، سری نگر

۳ - وکرم یونیورسٹی ، اجین

۴ - بھوپال یونیورسٹی ، بھوپال

یہ چاروں طالبات نے تحریر کیے ہیں - تین اردو زبان میں اور ایک شعبۂ فلسفہ کے لیے انگریزی میں - قاہرہ یونیورسٹی (مصر) میں لکھا جانے والا مقالہ عربی میں ہے اور پاکستان میں چھپ گیا ہے -

پاکستان میں لکھے گئے ۱۱۳ مقالات میں سے ۶۸ طالبات کے زورِ قلم کا نتیجہ ہیں اور ۴۵ مقالے ۴۹ طلباء کی مشترکہ مساعی کا حاصل ہیں - مجموعی طور پر پاکستان میں ۸۹ مقالات اردو میں لکھے گئے ہیں اور ۲۴ انگریزی میں - ان ۲۴ میں سے گیارہ ، طالبات کے تحریر کردہ ہیں -

یونیورسٹی ڈگری کے لیے لکھے گئے ان مقالات کی نگرانی کا فرض بھی ثقہ اور معتبر اہلِ علم کے سپرد رہا ہے - ستمبر ۱۹۷۰ء میں پروفیسر سید وقار عظیم ، شعبۂ اردو پنجاب یونیورسٹی اورئینٹل کالج ، لاہور سے اکیس برس کی وابستگی کے بعد سبکدوش ہوئے تو

اُن کی نگرانی میں اقبال پر لکھے گئے مقالات کی تعداد سولہ تھی - وقارعظیم صاحب کے حینِ حیات برعظیم پاک و ہند کی کسی بھی یونیورسٹی کے کسی بھی اُستاد نے اقبال پر اُن سے زیادہ تحقیقی اور تنقیدی کام نہیں کرایا - اب ۱۹۷۷ء میں صورت یہ ہے :

۱ - ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی (پنجاب یونیورسٹی) : ۱۷ مقالات

۲ - پروفیسر سید وقارعظیم مرحوم : ۱۶ مقالات

۳ - پروفیسر ڈاکٹر غلام مصطفٰی خاں (سندھ یونیورسٹی) : ۸ مقالات

۱۹۷۲ء کے لسانی فسادات میں سندھ یونیورسٹی (حیدر آباد) کے شعبۂ اُردو کی سیمینار لائبریری تباہ کر دی گئی اور مختلف علمی و ادبی موضوعات پر ایم - اے کے کئی سو قلمی مقالے نذرِ آتش ہوگئے - اس کا قوی امکان ہے کہ ڈاکٹر غلام مصطفٰی خاں صاحب یا سندھ یونیورسٹی شعبۂ اُردو کے دوسرے اساتذہ کی نگرانی میں آٹھ سے زیادہ متعلمین نے اقبال پر تحقیقی اور تنقیدی کام کیا ہو -

پنجاب یونیورسٹی کے جن دوسرے اساتذہ نے اقبال پر تحقیقی اور تنقیدی کام کی روایت کو مستحکم بنانے میں نسبتاً زیادہ دلچسپی لی اور خود تحقیقی کام کی ذمہ داری سنبھالی ، اُن کے اسماء یہ ہیں :

۱ - پروفیسر خواجہ غلام صادق (شعبۂ فلسفہ) : ۷ مقالات

۲ - ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار (شعبۂ اُردو) : ۶ مقالات

۳ - پروفیسر نعیم احمد (شعبۂ فلسفہ) : ۵ مقالات

۴ - ڈاکٹر وحید قریشی (شعبۂ اُردو) : ۵ مقالات

۵ - پروفیسر عبدالخالق (شعبۂ فلسفہ) : ۴ مقالات

۶ - پروفیسر شوکت علی (شعبۂ سیاسیات) : ۴ مقالات

پروفیسر خواجہ غلام صادق کی نگرانی میں ایم ۔ اے کے سات مقالات سے قطع نظر ، فلسفے میں اقبال پر پی ایچ ۔ ڈی کی ایک سند بھی تفویض ہوئی ۔

ایم ۔ اے کے لیے لکھے گئے ان مقالات میں سے دو اپنے 'حجم' کی بنا پر نمایاں قرار دیے جا سکتے ہیں ، ایک ''طوالت'' کے لحاظ سے اور دوسرا ''اختصار'' کے اعتبار سے ـــــ ایم ۔ اے (فارسی) کے لیے انور سلطانہ کا مقالہ ''اقبال کی فنی تراکیب'' ۷۹۸ صفحات پر مشتمل ہے ۔ یہ ۱۹۷۲ء میں پروفیسر سید وزیر الحسن عابدی کی زیر نگرانی مرتب ہوا ۔ اس کے برعکس ''تخلیقِ پاکستان میں اقبال کا حصہ'' کے موضوع پر ایم ۔ اے (سیاسیات) کا ایک مقالہ صرف ۳۴ (فل اسکیپ سائز) صفحات پر مبنی ہے جسے فخر النساء نے ۱۹۵۸ء میں پروفیسر شوکت علی کی رہنمائی میں انگریزی میں لکھا ہے ۔

اقبال پر ایم ۔ اے کے ان مقالات میں سے جہاں بیشتر سرسری ہیں اور محض سر کا بوجھ ہلکا کرنے کی غرض سے لکھے گئے ہیں ، وہاں بعض مقالے ایسے بھی ہیں جنھیں پروفیسر سید وقارعظیم کے بقول بڑی آسانی سے پی ایچ ۔ ڈی کے مقالوں کے مقابلے میں رکھا جا سکتا ہے[1] ۔

(۴)

اقبال پر یونیورسٹی کے مختلف امتحانات کے ۱۱۹ مقالات میں سے ۶۵ ایم ۔ اے (اردو) کے لیے لکھے گئے اور ان پر بہ تفصیل

---

۱ ۔ اورئینٹل کالج میگزین ، لاہور جلد ۵۰ ، عدد ۱ تا ۴ ، ۱۹۷۴ء ، صفحہ ۱۲۲ ۔

ذیل برعظیم پاک و ہند کی چھ یونیورسٹیوں نے اسناد عطا کیں :

۱ - پنجاب یونیورسٹی ، لاہور : ۵۳ مقالات (۴۰ طالبات ، ۱۳ طلباء)

۲ - سندھ یونیورسٹی ، حیدر آباد : ۸ مقالات (۳ طالبات ، ۵ طلباء)

۳ - کراچی یونیورسٹی ، کراچی : ۱ مقالہ
(سیدہ شیریں پروین)

۴ - جموں و کشمیر یونیورسٹی ،
سری نگری : ۱ مقالہ (شمس النساء)

۵ - بھوپال یونیورسٹی ، بھوپال : ۱ مقالہ
(شعبۂ اردو ، سیفیہ کالج) (برجیس جہاں)

۶ - وکرم یونیورسٹی ، اجین : ۱ مقالہ (نشاط زرین)
(شعبۂ اردو ، مادھو کالج)

سب سے زیادہ یعنی ۵۳ مقالات شعبۂ اردو، پنجاب یونیورسٹی اورئینٹل کالج ، لاہور کے لیے تیار ہوئے - ان میں سے دو طالبات (سیدہ فرزانہ ناہید گیلانی اور میمونہ روحی) نے شعبۂ اردو ، گورنمنٹ کالج ، فیصل آباد (لائلپور) کے توسط سے اپنے مقالات پر پنجاب یونیورسٹی لاہور سے ایم - اے (اردو) کی سندِ فضیلت حاصل کی - پنجاب یونیورسٹی سے ملحق ، گورنمنٹ کالج ، فیصل آباد ، صوبہ پنجاب کا (جس میں تین آرٹس یونیورسٹیاں واقع ہیں) سب سے بڑا اور پرانا سرکاری کالج ہے جہاں ایم - اے (اردو) کی سطح پر تدریس کا انتظام اور اہتمام ہے -

شعبۂ اردو ، پنجاب یونیورسٹی اورئینٹل کالج ، لاہور سے وابستہ آٹھ اساتذہ نے بہ تفصیلِ ذیل اقبال پر تحقیقی و تنقیدی کام کی رہ نمائی کی :

۱ - ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی : ۱۷ مقالات
(طالبات ۱۱ ، طلباء ۶)

۲ - پروفیسر سید وقارعظیم مرحوم : ۱۶ مقالات
(طالبات ۱۲ ، طلباء ۴)

۳ - ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار : ۶ مقالات
(طالبات ۴ ، طلباء ۲)

۴ - ڈاکٹر وحید قریشی : ۵ مقالات
(طالبات ۴ ، طالب علم ۱)

۵ - ڈاکٹر سید عبداللہ : ۲ مقالات
(صفورا سلطانہ اور زرینہ احمد علی)

۶ - ڈاکٹر عبیداللہ خاں : ۲ مقالات
(راشدہ شیخ اور عاصمہ فرحت)

۷ - ڈاکٹر سید ناظر حسن زیدی : ۲ مقالات
(ناہید طلعت اور فصیحہ سلطان)

۸ - ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم : ۱ مقالہ (محمد فرمان)

پنجاب یونیورسٹی اورئینٹل کالج کے ان اکاون مقالات میں سے دو اپنی ضخامت کے اعتبار سے نمایاں طور پر سر کشیدہ ہیں :

۱ - کلام اقبال میں تاریخی شخصیتیں :
ریحانہ نسرین دارا ، صفحات ۶۵۳

۲ - اُردو مکتوب نگاری—غالب سے اقبال تک :
گیتی آراء ، صفحات ۶۳۱

پہلا مقالہ الگ الگ ''تاریخی شخصیتوں'' کے شرحِ احوال کا مجموعہ ہے - ان تاریخی شخصیتوں کا کلامِ اقبال میں کہاں کہاں حوالہ آیا ہے یا ان تاریخی شخصیتوں کا اقبال کے نظامِ فکر سے کیا تعلق ہے ؟ اس کی طرف اشارے سے کام کی اہمیت اور افادیت اور بڑھ جاتی - دوسرا مقالہ براہِ راست اقبال سے متعلق نہیں ، اس کے صرف ۱۴ صفحات (صفحہ ۵۱۴ تا ۵۵۴) علامہ اقبال کے بارے میں ہیں -

(۵)

۱۱۹ مقالات میں سے ۶۵ ایم - اے (اُردو) کے امتحان کے لیے لکھے گئے ، بقیہ ۵۴ میں سے ۲۰ مقالے ایم - اے (فلسفہ) کی سند کے لیے مرتب ہوئے - مقالہ نگاروں میں سے ایک خاتون کا تعلق مسلم یونیورسٹی علی گڑھ سے اور ایک کا کراچی یونیورسٹی سے ہے - باقی سب مقالے پنجاب یونیورسٹی کے لیے تحریر کیے گئے - یونیورسٹی کے لیے دو مقالے شعبۂ فلسفہ گورنمنٹ کالج ، لاہور کی وساطت سے پیش ہوئے - ان بیس مقالات میں سے صرف پانچ اُردو میں لکھے گئے ہیں ، بقیہ پندرہ انگریزی میں ہیں - ان اساتذہ نے کام کرانے میں زیادہ انہماک اور اشتیاق دکھایا :

۱ - پروفیسر خواجہ غلام صادق : ۷ مقالات (۴ طالبات ، ۳ طلباء)

۲ - پروفیسر نعیم احمد : ۵ مقالات (۲ طالبات ، ۳ طلباء)

۳ - پروفیسر عبدالخالق : ۴ مقالات (۳ طالبات ، ۱ طالب علم)

ایم - اے (فارسی) کے لیے اقبال کے بارے میں لکھے گئے آٹھ مقالے میرے علم میں آئے :

۱ - پنجاب یونیورسٹی ، لاہور : ۴ مقالات (۳ طالبات ، ۱ طالب علم)

۲ - کراچی یونیورسٹی، کراچی : ۴ مقالات (۳ طلباء ، ۱ طالبہ)

پنجاب یونیورسٹی (شعبۂ فارسی) میں اقبال پر جو تحقیقی اور تنقیدی کام ہوا ، اس کی نگرانی کا تین چوتھائی بوجھ تنہا ڈاکٹر سید محمد اکرم شاہ نے اُٹھایا ۔

ڈاکٹر سید محمد اکرم شاہ نے ایک ملاقات میں مجھ سے بیان کیا کہ ۱۹۶۷ء کے قیامِ ایران کے زمانے میں مشہد یونیورسٹی کے ڈاکٹر رجائی نے انھیں اپنی نگرانی میں لیسانس (فارسی) کی سند کے لیے علامہ اقبال کے بارے میں لکھوائے ہوئے پانچ چھ رسالے (مقالے) دکھائے تھے ۔ افسوس کہ ان مقالات (رسائل) کے کتابیاتی کوائف اب اُن کے پاس موجود اور محفوظ نہیں ۔

منشی فاضل (فارسی) کے لیے لکھے گئے دو مقالے بھی پنجاب یونیورسٹی لائبریری کی زینت ہیں ۔ اب یہ امتحان پنجاب یونیورسٹی کے دائرۂ کار سے خارج ہے ۔ یہ مقالات مولانا عبدالمجید سالک اور جناب آقا بیدار بخت کی رہبری اور نگرانی میں تیار ہوئے ۔

ایم ۔ اے (سیاسیات) کی ڈگری کے لیے اقبال سے متعلق پنجاب یونیورسٹی میں سات مقالے لکھے گئے ۔ یہ سب انگریزی میں ہیں اور ایک استثنٰی کے علاوہ سب کے سب طلباء کے حسن رقم کا نتیجہ ہیں اور بیشتر پروفیسر شوکت علی کے زیرِ نگرانی مکمل ہوئے ہیں ۔ ایم ۔ اے (اسلامیات) کے لیے پانچ مقالے لکھے گئے ، ان میں سے تین طالبات کی محنت کا حاصل ہیں ۔

اقبال پر ادارۂ تعلیم و تحقیق (Institute of Education & Research) پنجاب یونیورسٹی کے سات مقالوں میں سے تین طالبات نے لکھے ہیں ، بقیہ چار مقالے نو طلباء کی مشترکہ کاوش کا نتیجہ ہیں ۔ ان میں سے بیشتر ادارۂ تعلیم و تحقیق (IER) کی سیمینار لائبریری سے میسر نہیں آتے ۔

ایم ۔ اے (معاشیات)، ایم ۔ اے (تاریخ) اور لائبریری سائنس میں ماسٹر کی ڈگری کے لیے بھی ایک ایک مقالہ لکھا گیا ہے ۔ اول الذکر دو مقالات بالترتیب رفعت یعقوب اور نسرینہ طاہرہ نے پنجاب یونیورسٹی کے لیے تحریر کیے اور مؤخرالذکر مقالہ کراچی یونیورسٹی شعبۂ لائبریری سائنس کے طالب علم محمد اسلم نے شعبے کے سربراہ ڈاکٹر انیس خورشید کی نگرانی میں ترتیب دیا ہے ۔

امریکن یونیورسٹی آف بیروت (لبنان) کے شعبۂ تعلیمات میں ''فلسفۂ اقبال اور تعلیم'' کے موضوع پر میاں محمد طفیل نے انگریزی میں مقالہ لکھا ۔ یہ لاہور سے چھپ چکا ہے ۔ قاہرہ یونیورسٹی (مصر) میں ایم ۔ اے (عربی) کے لیے سمیر عبدالحمید ابراہیم نے ''اقبال و ارمغان حجاز'' کے موضوع پر مقالہ تحریر کیا ، یہ بھی لاہور سے چھپ گیا ہے ۔

(٦)

پیشِ نظر کتاب میں ابتداً اقبال کے بارے میں ڈی لٹ کے ایک زیرِ ترتیب مقالے کا حوالہ ہے ، پھر مصنف وار ابجدی ترتیب سے پی ایچ - ڈی کے تکمیل شدہ اور زیرِ تکمیل مقالات کے الگ الگ گوشوارے پیش کیے گئے ہیں - آخر میں شعبہ وار پی ایچ - ڈی کے تکمیل شدہ مقالات کا توضیحی تعارف کرایا گیا ہے - تعارف میں مقالہ نگار کے نقطۂ نظر کو سامنے لانے کی کوشش ہر جگہ مقدم رہی ہے -

کم و بیش یہی عمل اور طریقِ کار ایم - اے وغیرہ کے مقالات متعلق بہ اقبال کے سلسلے میں روا رکھا گیا ہے - اولاً مصنف وار ابجدی ترتیب سے اقبال پر لکھے گئے مقالات کا مجموعی گوشوارہ دیا گیا ہے ، پھر جن بارہ شعبوں کے لیے یہ مقالات تحریر کیے گئے ، اُن کے تحت (یعنی شعبہ وار) مقالہ نگاروں کے اسماء کی ابجدی ترتیب سے بارہ گوشوارے مرتب کیے گئے ہیں اور آخر میں باعتبارِ موضوع گیارہ عنوانات کے تحت ان مقالات کا تعارف پیش کیا گیا ہے - یہ مقالات بیشتر اُردو یا انگریزی میں ٹائپ کرائے گئے ہیں اور مقالے کے مروجہ سائز (۱۸ × ۲۳/۴) میں ہیں - جہاں جہاں صورت اس سے مختلف ہے ، وہاں اس کی صراحت کر دی گئی ہے - کتاب کا اشاریہ بھی تیار کرا دیا گیا ہے -

جس نوع کا یہ کام ہے ، جن حالات میں اسے انجام دیا گیا ہے اور بعض یونیورسٹیوں کے اصحابِ نظر و خبر نے بار بار کی یاد دہانی کے باوجود جس ''مستقل مزاجی'' سے خاموشی اختیار کیے رکھی اس کے پیشِ نظر ، اس کے ہر طرح مکمل اور نقص سے خالی ہونے کا دعویٰ نہیں کیا جا سکتا - اعداد و شمار ، اسماء و سنین اور

موضوعات و مندرجات کی صحت و اصلاح اور ان میں ضروری ترمیم و اضافے کی ہر آواز اور تجویز میرے لیے موجبِ مسرت ہوگی ۔

(۷)

میرے لکھنے پڑھنے کا کوئی کام اور منصوبہ ، درونِ خانہ والدین کی دعاؤں اور زہرامعین کی داد اور امداد ، اور بیرونِ خانہ ڈاکٹر مولوی عبد الحق ، پروفیسر رشید احمد صدیقی ، پروفیسر سید وقار عظیم ، ڈاکٹر شوکت سبزواری ، ڈاکٹر فرمان فتح پوری، ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خاں اور پروفیسر محمد ڈاکٹر طاہر فاروقی کے شخصی اور روحانی تصرف اور توجہ کے بغیر پورا نہیں ہوتا ۔ یہ اسماء میرے لیے نعائم و برکات اور تحریکِ کار کے دائمی سرچشموں کی حیثیت رکھتے ہیں ۔ خدا مجھے ان کے فیوض اور توجہات کا اہل بنائے ۔

شعبۂ اردو
اقبال ہال ، گورنمنٹ کالج ،
فیصل آباد (لائل پور)

(ڈاکٹر سید معین الرحمٰن)
۱۴ - اکتوبر ۱۹۷۷ء

مقالہ ڈی لٹ [فارسی]

"Dr. Sir Mohammad Iqbal and his Persian Poetry—A Critical Survey."

مقالہ نگار : ڈاکٹر مسز آصفہ زمانی
ایم - اے (فارسی ، عربی ، اردو) ایل ایل بی ،
پی ایچ - ڈی (فارسی)
لیکچرار شعبۂ فارسی ، لکھنؤ یونیورسٹی لکھنؤ

ڈاکٹر مسز آصفہ زمانی کے گرامی نامے[1] مؤرخہ یکم نومبر ۱۹۷۶ء کے مطابق وہ :

"ڈاکٹر سر محمد اقبال اور ان کی فارسی شاعری—ایک تنقیدی جائزہ" کے موضوع پر لکھنو یونیورسٹی سے فارسی میں ڈی لٹ کی ڈگری کے لیے تحقیقی کام میں مصروف ہیں -

* * *

۱ - بنام : ڈاکٹر سید محمد اکرم ، اُستاد شعبۂ فارسی ،
پنجاب یونیورسٹی اورئینٹل کالج ، لاہور

مقالات پی ایچ ۔ ڈی [تکمیل شدہ]

”پچھلی ایک چوتھائی صدی میں اقبال پر پانچ مختلف زبانوں میں پی ایچ - ڈی کی سطح کے سولہ مقالات لکھے گئے - آٹھ انگریزی زبان میں ، پانچ اردو میں ، ایک چیک زبان میں ، ایک عربی اور ایک فارسی میں—ایک مقالے پر ابھی ڈگری تفویض نہیں ہوئی ، بقیہ پندرہ مقالات پر دنیا کی دس مختلف یونیورسٹیوں سے پی ایچ - ڈی کی اسناد عطا ہوئیں - ان تحقیقی مقالات میں سے بیشتر چھپ چکے ہیں ، بعض بہ تمام و کمال ، کچھ جزواً—ان مقالات میں سے تین ، خواتین کی تحقیق و تلاش اور محنت و ریاضت کا نتیجہ ہیں - یہ سب مقالے اپنے اپنے مضمون اور میدان کے معتبر اور ممتاز معلمین اور محققین کی رہنمائی میں لکھے گئے - ان عالموں کے اسماء کام کے معیاری ہونے کی بدیہی ضمانت ہیں -“

ڈاکٹر سید معین الرحمٰن

۱ - ابو سعید نورالدین (ڈاکٹر)

اسلامی تصوف اور اقبال
کراچی یونیورسٹی، ۱۹۵۶ء،
نگران : ڈاکٹر مولوی عبدالحق

۲ - انور، عشرت حسین (ڈاکٹر)

The Metaphysics of Iqbal
علی گڑھ یونیورسٹی ، ۱۹۴۳ء ،
نگران : ڈاکٹر سید ظفرالحسن

۳ - ایم - رفیق (ڈاکٹر)

Sir Aurobindo and Iqbal
علی گڑھ یونیورسٹی ، ۱۹۷۴ء ،
نگران : ڈاکٹر عشرت حسن انور

۴ - ایم - نذیر (ڈاکٹر)

The Impact of Rumi Upon the Religious Thought of Iqbal
پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۱۹۷۷ء،
نگران : ڈاکٹر سی - اے قادر

۵ - پروین فیروز حسن (ڈاکٹر)

The Political Philosophy of Iqbal
پنجاب یونیورسٹی، لاہور ۱۹۶۷ء،
نگران : ڈاکٹر منیرالدین چغتائی

۶ - جان ماریک (ڈاکٹر)	Life and Works of Iqbal چارلز یونیورسٹی ، پراگ ، چیکو سلووا کیہ ، ۱۹۵۸ء
۷ - جمیلہ خاتون (ڈاکٹر)	The Place of God, Man and Universe in the Philosophic System of Iqbal علی گڑھ مسلم یونیورسٹی ، نگران : ایم - ایم شریف ، ایم - عمرالدین
۸ - چشتی ، افتخار احمد	Iqbal's Concept of Religion' پنجاب یونیورسٹی ، لاہور نگران : علامہ علاءالدین صدیقی
۹ - حاتم مہر	فوق البشر کا تصور اور اقبال کا مردِ مومن[۲] بہار یونیورسٹی ، مظفر پور ، ۱۹۷۶ء ، نگران: ڈاکٹر سید شاہ اختر قادری

---

۱ - اس مقالے پر ابھی ڈگری تفویض نہیں ہوئی -

۲ - (الف) عبدالقوی دسنوی ، اقبال ریویو ، لاہور ، جولائی ۱۹۷۶ء ، صفحہ ۱۰۵ -

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۳ پر)

۱۰ - رفعت حسن (ڈاکٹر) — An Analysis of the Philosophical Ideas and Works of Iqbal
ڈرہم یونیورسٹی ، انگلستان

۱۱ - عبد الحق (ڈاکٹر) — اقبالیات کا تنقیدی جائزہ
گورکھپور یونیورسٹی، ۱۹۶۵ء ،
نگران : ڈاکٹر محمود الٰہی

۱۲ - قریشی،اکبرحسین(ڈاکٹر) — اقبال کی شاعری میں تلمیحات
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی ،
نگران : رشید احمد صدیقی

۱۳ - کاروانی ، آصف جاہ (ڈاکٹر) — اقبال کا فلسفۂ خودی اور اس کا مآخذ و مقصد
الہ آباد یونیورسٹی ، ۱۹۵۶ء ،
نگران : ڈاکٹر اعجاز حسین

(صفحہ ۴۲ سے بقیہ حاشیہ)

(ب) ڈاکٹر سید محمد حسنین (صدر شعبۂ اردو ، مگدھ یونیورسٹی) نے راقم‌الحروف سے زبانی بیان فرمایا کہ ۱۹۷۶ء میں اس مقالے پر پی ایچ - ڈی کی سند تفویض کر دی گئی - یہ مقالہ ڈاکٹر سید شاہ اختر قادری ، سابق صدر شعبہ اردو ، بہار یونیورسٹی ، مظفر پور ، بہار کی نگرانی میں لکھا گیا -
(سید معین الرحمٰن)

۱ - (الف) ڈاکٹر گیان چند ، آج کل ، دہلی، اگست ۱۹۷۶ء ، صفحہ ۸۷ -

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۴ پر)

۱۴ - محمد اکرم شاہ (ڈاکٹر) شرحِ حال و آثار و سبکِ اشعار وافکارِ اقبال
تہران یونیورسٹی ، ۱۹۶۳ء ،
نگران : ڈاکٹر حسین خطیبی

۱۵ - محمدالسعید جمال الدین (ڈاکٹر) ''رسالۃالخلود''
[''جاوید نامہ'' ترجمہ مع تشریح اور تعلیقات][1]
عین الشمس یونیورسٹی ، قاہرہ ،
نگران : ڈاکٹر عبدالنعیم ،
محمد حسنین

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۳ سے)

(ب) سید فرحت حسین ، کتاب نما ، نئی دہلی ، مئی ۱۹۷۶ء ، صفحہ ۱۹ -

(ج) عبدالقوی دسنوی (اقبال ریویو ، لاہور ، جولائی ۱۹۷۶ء ، صفحہ ۱۰۵) نے اس مقالے کو لکھنؤ یونیورسٹی سے منسوب کیا ہے ، جو صحیح نہیں - یہ مقالہ الہ آباد یونیورسٹی کے لیے لکھا گیا - دیکھیے : تاریخ ادبیاتِ مسلمانانِ پاکستان و ہند ، دسویں جلد ، طبع لاہور ، فروری ۱۹۷۲ء ، صفحہ ۷۰۵ -

(د) ڈاکٹر سید محمد حسنین ، سالنامہ نوید ، مجلہ شعبۂ اردو ، مگدھ یونیورسٹی ، جولائی ۱۹۷۶ء ، صفحہ ۴۷ -

۱ - ڈاکٹر ظہور احمد اظہر (صدر شعبۂ عربی ، پنجاب یونیورسٹی اورئینٹل کالج ، لاہور) بالیقین یہ فرماتے ہیں کہ اس رسالے (صفحات ۵۷ ، مطبوعہ : قاہرہ ۱۹۷۴ء) پر پی ایچ - ڈی کی ڈگری تفویض کی گئی ہے -

۱۶ - محمد معروف (ڈاکٹر)

Iqbal's Philosophy of Knowledge

پنجاب یونیورسٹی لاہور، ۱۹۷۳ء،

خواجہ غلام صادق

* * *

مقالات پی ایچ - ڈی [زیر تکمیل]

''اقبال پر پی ایچ - ڈی کی سطح کے سولہ مقالے مکمل ہو چکے ہیں اور کم و بیش اتنے ہی برعظیم پاک و ہند کی آٹھ یونیورسٹیوں میں زیرِ تکمیل ہیں - ان میں سے صرف دو اصحاب پاکستانی یونیورسٹیوں سے متعلق ہیں - ظاہر ہے یہ کافی نہیں — ''لاہور'' ''پنجاب یونیورسٹی'' اور ''اورئینٹل کالج'' سے علامہ اقبال کی وابستگی اور دلبستگی کے حوالے سے یونیورسٹی اورئینٹل کالج ، لاہور کے اربابِ تدبیر کو کشادہ دلی کے ساتھ اپنا فرض اور اپنی ذمہ داری جاننی اور پہچاننی چاہیے - اس کے لیے باقاعدہ منصوبہ بندی اور اقبال پر کام کرنے والوں کی حوصلہ افزائی ضروری ہے —''

ڈاکٹر سید معین الرحمٰن

۱ - حامدہ مسعود ، بیگم — اردو میں نظریۂ شاعری : ولی سے اقبال تک[1]
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

۲ - رستوگی تارا چرن — اقبال پر مغربی اثرات[2]
جموں و کشمیر یونیورسٹی ، سری نگر

۳ - رفعت علی خاں — اقبال کا ذہنی ارتقاء[3]
سندھ یونیورسٹی ، حیدرآباد

---

۱ - بحوالہ : (الف) سید فرحت حسین ، کتاب نما ، نئی دہلی ، مئی ۱۹۷۶ء ، صفحہ ۱۰ -

(ب) عبدالقوی دسنوی ، اقبال ریویو ، لاہور ، جولائی ۱۹۷۶ء ، صفحہ ۱۰۵ -

(ج) ڈاکٹر سید محمد حسنین ، سالنامہ نوید ، مجلہ شعبۂ اردو ، سندھ یونیورسٹی ، جولائی ۱۹۷۶ء ، صفحہ ۷۶ -

۲ - بحوالہ : عبدالقوی دسنوی ، ایضاً ، صفحہ ۱۰۵ -

۳ - صریرِ خامہ ، قومی شاعری نمبر ، ۱۹۶۶ء ، مجلہ شعبۂ اردو ، سندھ یونیورسٹی ، حیدر آباد ، صفحہ ۱۷۳ -

۴ - شہناز اختر — اقبال کے فکر و فن کے سماجی اور ثقافتی رشتے[1]
دہلی یونیورسٹی ، دہلی

۵ - ضیاء الدین — اقبال اور رومی[2]
جموں و کشمیر یونیورسٹی ، سری نگر

۶ - عادل ، عبدالحئی — اقبال کا سیاسی شعور[3]
بہار یونیورسٹی ، مظفر پور ، بہار

۷ - فہیم ، محمد خاں — اقبال کے بعد اردو نظم[4]
بہار یونیورسٹی ، مظفر پور ، بہار

---

۱ - (الف) سید فرحت حسین ، کتاب نما ، نئی دہلی ، مئی ۱۹۷۶ء ، صفحہ ۱۰ -

(ب) عبدالقوی دسنوی ، اقبال ریویو ، لاہور ، جولائی ۱۹۷۶ء ، صفحہ ۱۰۵ -

۲ - ۳ - (الف) عبدالقوی دسنوی ، ایضاً ، صفحہ ۱۰۵ -

(ب) ڈاکٹر سید محمد حسنین ، سالنامہ نوید ، مجلہ شعبۂ اردو مگدھ یونیورسٹی ، جولائی ۱۹۷۶ء صفحہ ۷۳ -

۴ - (الف) عبدالقوی دسنوی ، اقبال ریویو ، لاہور ، جولائی ۱۹۷۶ء ، صفحہ ۱۰۵ -

(ب) ڈاکٹر سید محمد حسنین ، سالنامہ نوید ، مجلہ شعبۂ اردو ، مگدھ یونیورسٹی ، جولائی ۱۹۷۶ء ، صفحہ ۶۶ -

۸ - قمر جہاں — اقبال پر قرآن کا اثر[1]
جبل پور یونیورسٹی ، جبل پور

۹ - محمد ایوب — اقبال اور اُردو غزل[2]
سیفیہ کالج ، بھوپال یونیورسٹی ، بھوپال

۱۰ - نعمانی ، منظور عالم — اقبال کی غزل گوئی[3]
بہار یونیورسٹی ، مظفر پور ، بہار

۱۱ - ہاشمی ، رفیع الدین — تصانیف اقبال کا تحقیقی و توضیحی مطالعہ
پنجاب یونیورسٹی ، لاہور

۱۲ - ہاشمی، قاضی عبیدالرحمٰن — اقبال کا فن[4]
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی ، علی گڑھ

* * *

---

۱ - (الف) سید فرحت حسین ، کتاب نما ، نئی دہلی ، مئی ۱۹۷۶ء ، صفحہ ۲۲ -
(ب) عبدالقوی دسنوی ، ایضاً ، صفحہ ۱۰۵ -
(ج) ڈاکٹر سید محمد حسنین ، سالنامہ نوید ، مگدھ یونیورسٹی ، جولائی ۱۹۷۶ء ، صفحہ ۴۷ -

۲ - عبدالقوی دسنوی ، ایضاً ، صفحہ ۱۰۵ -

۳ - عبدالقوی دسنوی ، ایضاً ، صفحہ ۱۰۵ -

۴ - بحوالہ گرامی نامہ پروفیسر ابن فرید ، شعبۂ عمرانیات ، مسلم یونیورسٹی ، علی گڑھ -

مقالات پی ایچ - ڈی [اردو]

——توضیحی تعارف

۱ - اسلامی تصوف اور اقبال ، ڈاکٹر ابو سعید نورالدین ، ۱۹۵۶ء

۲ - Life and Works of Muhammad Iqbal —ڈاکٹر یان ماریک ، ۱۹۵۸ء

۳ - اقبالیات کا تنقیدی جائزہ ، ڈاکٹر عبدالحق ، ۱۹۶۵ء

۴ - مطالعۂ تلمیحات و اشاراتِ اقبال ، ڈاکٹر اکبر حسین قریشی ، ۱۹۷۰ء

''اسلامی تصوف اور اقبال''

مقالہ : پی ایچ - ڈی (اردو) ، کراچی یونیورسٹی ، کراچی، ۱۹۵۶ء ،

مطبوعہ : اقبال اکادمی ، کراچی ، ۱۹۵۹ء ،

صفحات : ۱۲ + ۳۸۱

مقالہ نگار : ڈاکٹر ابو سعید نورالدین

نگران کار : بابائے اردو ڈاکٹر مولوی عبدالحق

تعارف : ممتاز حسن الف ـ ب

دیباچہ : ابو سعید نورالدین الف ـ ب

مقدمہ : ابو سعید نورالدین ہ ـ ط

حصہ اول : اسلامی تصوف

قسمت اول : تصوف کی تحقیق ، تعریف اور اصل :

باب اول : کلمۂ تصوف کی تحقیق ۱-۳

باب دوم : تصوف کی تعریف اور اس کی اصل ۱۲-۳۶

قسمت دوم : تصوف کا تاریخی اور تدریجی ارتقاء :

باب سوم : دور نبی کریم صلعم و صحابۂ کرام رض ۳۹-۷۳

باب چہارم : دور تابعین رح ۶۵ھ-۷۶ھ ۷۵-۸۳

باب پنجم : دور تبع تابعین ؒ ۷۶۷ء-۹۶۷ء ۸۵-۱۰۷

باب ششم : دورِ متأخرین ۱۰۹-۱۳۰

باب ہفتم : دورِ انحطاط ۱۳۱-۱۵۱

باب ہشتم : تصوف کا عملی پہلو ۱۵۳-۱۸۲

حصہ دوم : علامہ اقبال ؒ

قسمت اول : علامہ اقبال اور آن پر علمی و عملی تصوف کے اثرات :

باب نہم : حیاتِ اقبال کے بعض پہلو ۱۸۷-۲۱۴

باب دہم : علامہ اقبال پر علمی و عملی تصوف کے اثرات ۲۱۵-۲۲۶

قسمت دوم : تصوف میں علامہ اقبال کا مسلک اور آن کے صوفیانہ نظریات :

باب یازدہم : علامہ اقبال اور مسلکِ تصوف ۲۲۹-۲۳۹

باب دوازدہم : افلاطونِ یونانی اور حافظِ شیرازی پر تنقیدِ شدید ۲۴۱-۲۵۹

باب سیزدہم : علامہ اقبال کا خاص نظریۂ تصوف : ''خودی'' ۲۶۱-۳۲۲

باب چہاردہم : ''خودی'' کے ہمہ گیر اثرات ۳۲۳-۳۳۰

باب پانزدہم : نظریۂ ''انسان کامل'' ۳۳۱-۳۴۶

باب شانزدہم : علامہ اقبال کے دیگر صوفیانہ
نظریات ۳۴۷-۳۷۱

خاتمہ : ۳۷۳-۳۷۴

کتابیات : ۳۷۵-۳۸۱

''پیشِ نظر کتاب دراصل ایک تحقیقی مقالہ ہے جو اقبال اکادمی ، کراچی کے ریسرچ فیلو کی حیثیت سے لکھا گیا ، اور کراچی یونیورسٹی میں ڈاکٹر آف فلاسفی کی ڈگری کے لیے پیش کیا گیا۔ علامہ اقبال نے جب دنیا کے سامنے اپنی فارسی مثنوی ''اسرارِ خودی'' کے ذریعے سے اپنا مشہور نظریۂ ''خودی'' پیش کیا تو بعض لوگوں نے حقیقتِ امر کو سمجھے بغیر اسے ''اسلامی تصوف'' پر ایک حملہ تصور کیا حالانکہ۔ علامہ اقبال کی مثنوی تصوف کے صرف اُن غیر اسلامی عناصر کے خلاف ایک احتجاج تھی ، جو امتدادِ زمانہ سے اس میں داخل ہوگئے تھے ۔ علامہ اقبال نے اس مخالفت کے پیشِ نظر عزم کر لیا تھا کہ ''اسلامی تصوف'' کی ایک مبسوط تاریخ لکھ کر اپنے نظریے کی صحت کو ثابت کریں ۔ اُنھوں نے اس کام کا آغاز بھی کر دیا تھا اور ایک دو باب مکمل بھی کر لیے تھے ، لیکن بعض مجبوریوں کی بنا پر یہ کام پایۂ تکمیل کو نہ پہنچ سکا ۔ علامہ اقبال کی اسی خواہش کے پیشِ نظر میں نے اپنے تحقیقی مقالے کے لیے یہ موضوع منتخب کیا ، تاہم میں یہ دعویٰ نہیں کر سکتا کہ اپنے نظریۂ تصوف کے بارے میں علامہ اقبال جو لکھنا چاہتے تھے ، یہ مقالہ اُس پر حاوی ہوگیا ہے ۔

میں ڈاکٹر مولوی عبدالحق صاحب کا تہہ دل سے ممنون ہو

کہ اُنھوں نے اپنی نگرانی میں یہ کام کرایا اور اپنے گراں بہا مشوروں سے میری مدد فرمائی۔ اس سلسلے میں ڈاکٹر غلام سرور صاحب صدر شعبۂ فارسی ، کراچی یونیورسٹی کا بھی ممنون ہوں کہ اُنھوں نے میری رہنمائی کی—اُنھوں نے کتاب کا پورا مسودہ نہایت غائر نظر سے دیکھا اور بہت سے مفید مشورے دیے۔ اگر اُن کی کرم فرمائی شاملِ حال نہ ہوتی تو شاید اس کتاب کی تکمیل میں بڑی تعویق ہوتی—"

(دیباچہ : ا-ب)

"ابو سعید نورالدین (ولادت : مشرقی پاکستان ، یکم فروری ۱۹۲۹ء) اُن نوجوانوں میں سے ہیں جن کی ذات ہمارے لیے مایۂ فخر ہے۔ آپ اقبال اکادمی ، کراچی کے پہلے ریسرچ فیلو ہیں جنھوں نے ڈاکٹر آف فلاسفی کی ڈگری حاصل کی ہے— کراچی یونیورسٹی—میں آپ کا مقالہ اُردو زبان کا پہلا تحقیقی مقالہ ہے جس پر یہ ڈگری دی گئی ہے۔ یہ کہنا بھی بے جا نہ ہوگا کہ نورالدین مشرقی پاکستان کے سب سے پہلے اہلِ علم ہیں جنھوں نے اُردو میں اعزاز حاصل کیا ہے۔"

(ممتاز حسن ، تعارف : ا)

"اُردو زبان میں اس موضوع پر ایسا مبسوط اور تحقیقی مقالہ میری نظر سے نہیں گزرا۔ نورالدین صاحب کی محنت ہر لحاظ سے قابلِ قدر ہے۔"

(ممتاز حسن ، تعارف : ب)

* * *

"Life and Works of Muhammad Iqbal"

مقالہ : پی ایچ - ڈی ، چارلز یونیورسٹی ، پراگ ، چیکوسلووا کیہ ، ۱۹۵۸ء

مقالہ نگار : ڈاکٹر یان ماریک

نگرانِ کار : (؟)

"Jan Marek is Research Fellow in the Department of Indian Studies of the Oriental Institute, Czechoslovak Academy of Scince, Prauge. In 1958, he obtained a Ph.D. degree from Charles University, Prauge, for his dissertation :

"Life and Works of Muhammad Iqbal."

[Hafeez Malik : Poet-Philosopher of Pakistan. Columbia University Press, New York and London, 1971 pp. 430]

"Dr. Jan Marek : has introduced to Czech reading public the works of—Muhammad Iqbal—in book translations."

[Synopsis : Ghalib's Persian Poetry, International Seminar, (Delhi), Ghalib and His Age, Feb: 17-19, 1969 pp. 19]

''اقبال کے بارے میں ہمارے عوام کچھ نہیں جانتے . . . .
ابھی اُن کی تصانیف کے ترجمے نہیں ہوئے . . . اردو شاعری

کے منتخب حصے کو چیک زبان میں جلد سے جلد منتقل کرنا چاہیے . . . اقبال کا کلام تو اس کا سب سے زیادہ مستحق ہے۔"

(ڈاکٹر یان ماریک : اردوے معلی ، دہلی ، شمارہ ۱ ، جلد ۱ ، فروری ۱۹۶۰ء ، صفحہ ۱۵۸-۱۵۹)

"اردو اور فارسی شعر و ادب کے افق پر چمکنے والے میں نے بعض . . . . درخشاں ستاروں کا مطالعہ زیادہ انہماک سے کیا ہے - ان میں سے دو بڑے اور ممتاز شاعر اقبال اور فیض ہیں . . . اقبال کے واسطے سے مجھے غالب اور ان کی فارسی شاعری سے قریبی شناسائی حاصل کرنے کا موقع ملا . . ."

(ڈاکٹر یان ماریک : اردوے معلی ، دہلی ، شمارہ ۱۰ ، فروری ۱۹۶۹ء ، صفحہ ۱۱۸)

* * *

''اقبالیات کا تنقیدی جائزہ''

مقالہ : پی ایچ - ڈی (اردو) ، گورکھپور یونیورسٹی ، گورکھپور ۱۹۶۵ء -

مقالہ نگار : ڈاکٹر عبدالحق

نگران کار : ڈاکٹر محمود الٰہی

یہ مقالہ (''اقبالیات کا تنقیدی جائزہ'') من و عن شائع نہیں ہوا - اس کا ایک باب قدرے تفصیل کے ساتھ ''اقبال کے ابتدائی افکار'' کے عنوان سے کتابی صورت میں شائع ہوگیا ہے[1] - اس کے مشمولات کی تفصیل یہ ہے :

پیش گفتار	۹-۷
فکری سرگزشت :	۶۷-۱۰
ماخذ و محرکات :	۹۳-۶۸
دور استفہام :	۱۲۶-۹۴
عرفان نفس اور اس کے متعلقات :	۱۵۸-۱۲۷
قومی تصورات :	۲۰۳-۱۵۹

۱ - ناشر : مسعود احمد ، پھاڑ پور ، مچھلی شہر ، جون پور (جمال پرنٹنگ پریس ، دہلی) ، مارچ ۱۹۶۹ء (صفحات : ۲۹۴) -

حواشی و تعلیقات : ۲۰۴-۲۵۸
اسماء و اماکن : ۲۵۹-۲۶۶
ماخذ : ۲۶۷-۲۹۴

''ایم ۔ اے میں اقبال پر ایک خصوصی پرچہ داخل نصاب تھا ۔ حسن اتفاق سے آستاذی ڈاکٹر محمود الٰہی صاحب صدر شعبۂ اردو، گورکھپور یونیورسٹی ، گورکھپور کی نگرانی میں اس پرچے کا میں تنہا طالب علم تھا ۔ انھوں نے کچھ ایسا شوق دلایا کہ اقبالیات کی بیشتر کتابیں پڑھنے کا موقع ملا ۔ اس مطالعے سے یہ حقیقت بھی سامنے آئی کہ ہماری لائبریریوں میں اقبالیات پر بہت سا ایسا مواد بھی آ گیا ہے جو نہ تو بالیدہ شعور کی پیداوار ہے اور نہ اقبال کی تخلیقات سے ان کا کوئی رشتہ ہے ۔ وقتاً فوقتاً ڈاکٹر محمود الٰہی صاحب کے درس سے بھی اس خیال کی توثیق ہوتی رہی ۔ ایم ۔ اے کے بعد ''اقبالیات کا تنقیدی جائزہ'' میرا موضوع تحقیق قرار پایا ۔ ۔ ۔ ۔ ڈاکٹر محمود الٰہی صاحب نے ۔ ۔ ۔ ۔ یونیورسٹی سے اجازت (دلوائی) ۔ انھیں کی نگرانی میں یہ مقالہ تیار کیا گیا اور ڈگری بھی تفویض ہوئی ۔ ۔ ۔ ۔ یہاں اس بات کی وضاحت کر دوں کہ یہ مقالہ (''اقبال کے ابتدائی افکار'') ، تحقیقی مقالے سے براہ راست متعلق نہیں ہے بلکہ اس کا ایک باب ہے جسے تفصیل کے ساتھ پیش کیا جا رہا ہے''۔

[پیش گفتار ، صفحہ ۷]

''کلام اقبال کے ساتھ ساتھ ناقدین اقبال کے خیالات پر بھی تنقیدی نظر ڈالی گئی ہے ۔ کوشش کی گئی ہے کہ تنقید و تبصرے کے وقت تحقیق اور انصاف کی گرفت سخت ہو ۔ ۔ ۔ ۔

دراصل یہ اقبالیات کو تنقیدی اور تحقیقی نقطۂ نظر سے دیکھنے کے سلسلے میں پہلا قدم ہے"۔ [پیش گفتار ، صفحہ ۸]

"پروفیسر ڈاکٹر خواجہ احمد فاروقی صاحب کا بے حد ممنون ہوں جنھوں نے اس مقالے کی اشاعت کے لیے حوصلہ افزائی فرمائی ۔ ڈاکٹر محمد حسن صاحب کی ذاتِ گرامی اس تصنیف کے لیے محرک اول کی حیثیت رکھتی ہے ۔ اُن کی شفقت اور انداز دل دہی میرے لیے چراغ راہ سے کم نہیں ۔ استاذی ڈاکٹر محمود الٰہی صاحب کا بے حد ممنون ہوں جو ہر منزل پر میری رہنمائی کرتے رہتے ہیں :

رہے گا مثلِ حرم جس کا آستاں مجھ کو

یہ کوشش اُنھیں کی شفقت کا نتیجہ ہے۔"

[پیش گفتار ، صفحہ ۹]

* * *

''مطالعہ تلمیحات و اشاراتِ اقبال''

مقالہ : پی ایچ - ڈی (اردو) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ -

مطبوعہ : انجمن ترقی اردو (ہند) ، علی گڑھ ، ۱۹۷۰ء ، صفحات : ۳۴۶ -

مقالہ نگار : ڈاکٹر اکبر حسین قریشی

نگران کار : پروفیسر رشید احمد صدیقی

مشمولات :

دیباچہ :		۹-۱۱
باب اول :	اقبال کا ماحول اور شخصیت	۱۲-۲۸
باب دوم :	اقبال کی تلمیحات قرآن	۲۹-۹۷
باب سوم :	اقبال کی تلمیحات حدیث	۹۸-۱۲۵
باب چہارم:	اقبال کی فلسفیانہ تلمیحات	۱۲۶-۱۵۸
باب پنجم :	اقبال کی تاریخی تلمیحات	۱۵۹-۲۴۸
باب ششم :	اقبال کی سیاسی تلمیحات	۲۴۹-۲۶۱
باب ہفتم :	اقبال کے کلام میں شعرائے مشرق و مغرب کا ذکر	۲۶۲-۳۲۵

باب ہشتم : اقبال کے کلام میں بعض خاص شخصیتوں کا ذکر ۳۲۶-۳۹۴

باب نہم : اقبال کی بعض نظموں کے ماخذ ۳۹۵-۳۹۷

باب دہم : تلمیحات و اشارات کی روشنی میں اقبال کے رجحانات پر ایک نظر ۳۹۸-۴۱۲

تحقیق طلب : ۴۱۳-۴۲۰

کتابیات : ۴۲۱-۴۳۰

اشاریہ : ۴۳۱-۴۴۶

''یہ مقالہ آستاذی المحترم پروفیسر رشید احمد صدیقی کی نگرانی میں لکھا گیا ہے - موصوف کی شفقت اور رہنمائی کے بغیر اس کی تکمیل ممکن نہ تھی - میں ان کا بہت ممنون ہوں''۔ [دیباچہ : ص ۱۰]

اس (مقالے) میں بعض چیزیں ایسی بھی ملیں گی جو ''تلمیح اور اشارے'' کی تعریف سے خارج ہیں - ان کو محض اس لیے شامل کر لیا گیا ہے کہ وہ تلمیح اور اشارے سے قریب تر تھیں - نیز ان سے مقالے کی جامعیت اور افادیت بھی بڑھ جاتی ہے لیکن چونکہ مقالے میں زیادہ تر تلمیحات و اشارات ہی ہیں ، اس لیے مقالے کا عنوان جوں کا توں رہنے دیا گیا - مقالے کی ترتیب میں یہ امر خاص طور پر ملحوظ رکھا گیا ہے کہ کوئی چیز حد سے متجاوز نہ ہو - اس لیے زیادہ تفصیل سے کام نہیں لیا گیا - مشہور واقعات اور مشہور شخصیات کے بارے میں چند سطروں پر اکتفا کی گئی ہے - البتہ جن حضرات کو

تفصیلات مطلوب ہیں ، اُن کے لیے چند مستند حوالے دے دیے گئے ہیں"۔

"مقالے میں اقبال کی کتابوں کی ترتیب تاریخی رکھی گئی ہے ، اس لیے "اسرار خودی" کا نمبر سب سے پہلے آتا ہے ، اگرچہ "بانگ درا" میں اسرار سے بہت پہلے کی نظمیں اور غزلیں شامل ہیں - - - - تاریخی ترتیب کے علاوہ سہولت کے لیے ہر کتاب کے حوالے کے ساتھ ساتھ اس کا سال طباعت بھی دے دیا گیا ہے"۔ [دیباچہ ، ص ۹]

"مقالے کے دس ابواب میں کوشش یہ کی گئی ہے کہ وہ تمام تلمیحات و اشارات ان میں سمو دیے جائیں جو تلمیح و اشارے کی تعریف میں آتے ہیں - سعی بلیغ کے باوجود چند مقامات ہنوز تحقیق طلب ہیں - ان کو مقالے کے آخر میں 'تحقیق طلب' کے عنوان سے درج کر دیا گیا ہے"۔ [دیباچہ ، ص ۱۰]

اس کتاب پر بعض تبصروں کے لیے رجوع کیجیے :

۱ - برہان ، دہلی جنوری ۱۹۷۱ء

۲ - صدق جدید ، لکھنؤ ، ۲۸ مئی ۱۹۷۱ء

۳ - معارف ، اعظم گڑھ ، اپریل ۱۹۷۲ء

۴ - ہماری زبان ، علی گڑھ ، ۸ جون ۱۹۷۲ء

* * *

مقالات پی ایچ ۔ ڈی [فلسفہ]

—توضیحی تعارف

۱ - The Metaphysics of Iqbal.
ڈاکٹر عشرت حسن انور ، ۱۹۴۳ء

۲ - The Place of God, Man and Universe in the Philosophic System of Iqbal.
ڈاکٹر جمیلہ خاتون ، ۱۹۶۳ء

۳ - Iqbal's Philosophy of Knowledge.
ڈاکٹر محمد معروف ، ۱۹۷۳ء

۴ - The Impact of Rumi Upon the Religious Thought of Iqbal.
ڈاکٹر ایم - نذیر ، ۱۹۷۷ء

۵ - 'Sri Aurobindo and Iqbal.
ڈاکٹر ایم - رفیق ، ۱۹۷۳ء

۶ - An Analysis of the Philosophical Ideas and Works of Iqbal.
ڈاکٹر رفعت حسن

"The Metaphysics of Iqbal"

مقالہ : پی ایچ ۔ ڈی (فلسفہ) مسلم یونیورسٹی ، علی گڑھ ،
۱۹۴۳ء مطبوعہ شیخ محمد اشرف ، لاہور ، ۱۹۴۴ء
صفحات : ۹۱

مقالہ نگار : ڈاکٹر عشرت حسن انور

نگران کار : ڈاکٹر سید ظفرالحسن

Forward :	S. Z. Hasan	pp. V
Preface :	Ishrat Enver	VII-IX
Abbreviations :		XIII-XIV
I : Introductory		1—8
II : Method of Intuition		9—30
III : The Self		31—49
IV : The Material World		50—64
V : The Absolute or God		65—84
Bibliography :		85—88
Index :		89—91

"By Writing this treatise on the Metaphysics of Iqbal Dr. Ishrat Hasan has done a real service to the study of the great Poet-Philosopher. To my mind this treatise is a genuine contribution to the understanding of Iqbal."

S. Z. Hasan,

[Foreword : pp. V]

"In this monograph on the Metaphysics of Iqbal I have attempted to present Iqbal's position with but little reference to the Quran, and the Islamic mystics or philosophers, unless unavoidable. This I have done with a view to interpret his philosophical ideas by themselves."

[Preface : VII]

"I am indebted to my teacher Professor Dr. Syed Zafarul Hasan, of the Aligarh University, for his kind and instructive guidance and direction. It is with him that I have learnt to understand Religion and Philosophy."

[Preface : IX]

* * *

"The Place of God, Man and Universe in the Philosophic System of Iqbal."

مقالہ : پی ایچ ڈی (فلسفہ) ، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی ،
علی گڑھ ، مطبوعہ : اقبال اکادمی پاکستان ،
کراچی ، ۱۹۶۳ء صفحات : ۲۸ + ۱۸۴

مقالہ نگار : ڈاکٹر جمیلہ خاتون

نگران کار : پروفیسر ایم - ایم شریف ، پروفیسر ایم - عمرالدین

Preface : VII—IX

Introduction : XIII—XVIII

Chapter I : The Knowledge of God with Special Reference to the Sources of knowledge. 1—22

II : GOD : Proofs of His Existence 23—38

III : GOD : His Essence and Attributes. 39—70

IV : Creation. 71—90

V : Matter, Space and Time 91—110

VI : MAN : The Finite Self 111—136

VII : Freedom of Will 137—150

VIII : The Problem of Immortality 151—164

Conclusion : 165—174

Bibliography : 175—184

"The idea of working on different aspects of Iqbal's philosophy first occured to me when, as a student of M.A. final class, I was preparing a dissertation on Iqbal's concept of God in lieu of a paper. In the course of my studies I found that while Iqbal the poet has been the subject of many scholarly monographs, Iqbal the philosoper had received scant attention. No systematic attempt was till then made to coordinate and analyse his philosophic system as a whole. There was a paucity of serious and thought-engaging studies on the most fundamental aspects of Iqbal's philosophy ; hence I decided to bring out a comprehensive and compendious, if not exhaustive, study on Iqbal's philosophical system. Within its restricted scope, this humble and modest work breaks a new ground."

[Preface : VII]

"In preparing this thesis I have made a critical study of all the works of Iqbal whether in prose or in verse and have utilised to the fullest extent possible all those philosophic as well as poetic works from which he had drawn his inspiration."

[Preface : VII—VIII]

"The work was first started under the inspiring guidance of my teacher Prof. M.M. Sharif, the

then Head of the Department of Philosophy, Aligarh Muslim University. He initiated me in this field and helped me all along with his valuable suggestions. My sincerest thanks are due to my teacher and supervisor Prof. M. Umaruddin, Head of the Department of Philosophy and Psychology, Aligarh Muslim University, under whose fostering care and inspiring guidance I have completed this work. But for his enduring interest and sustaining encouragement this work would not have seen the light of the day."

(Preface : VIII)

[طبع دوم : اقبال اکادمی ، لاہور، ۱۹۷۷ء]

* * *

"Iqbal's Philosophy of Knowledge"*

مقالہ : پی ایچ ۔ ڈی ، شعبۂ فلسفہ ، پنجاب یونیورسٹی ،
لاہور ۱۹۶۸ء ، ۱۹۷۳ء صفحات : ۳۵۵

مقالہ نگار : ڈاکٹر محمد معروف

نگران کار : پروفیسر خواجہ غلام صادق

*A critical approach to Iqbal's position on Religious Experience as a source of knowledge :

Acknowledgement : I—II
Preface : III—IV

Part I

Chapter I : Introduction 1—11
II : Naturalistic Theories of Religion 12—40
III : Psychoanalysis and Religion 41—77
IV : Psychoanalysis and Religion (continue) 78—91
V : Proofs for Religion 92—119
VI : Verifications of Religious Experience 120—155

Part II

Chapter I : The Nature of Religious Experience 156—192

II : The Characteristics of Religious Experience 193—252
III : The Cognitive value of Religious Experience. 253—295
IV : Concluding Remarks 296—307
Appendices : (A) Iqbal's view of Divine Knowledge 308—321
(B) Russell's Critique of Religion 322—342
Bibliography : 343—351
"Iqbal's Philosophy of Knowledge" (A short Abstract) 352—355

"It is . . . an attempt to discuss some of the crucial questions which are troubling the thinking mind to day, particularly the mind of the religious philosopher." (Preface : IV)

" . . . present thesis, . . . mainly treating of the truthvalue of religious assertions, and of the knowledge-yielding capacities of the religious experience—" (pp. 11)

"The present thesis I have divided into two parts. The first, which may be regarded as preparatory to the second, deals with some of the various attacks which have been raged on religion, while the second delineates the nature, characteristics and cognitive significance of the religious experience." (pp. 7)

"**Iqbal's Philosophy of Knowledge**" contains a critical study of the Philosophical defence of religion by Iqbal, which may be divided into two parts : One negative and the other positive. On its negative side, it contains his arguments propounded in defence of religion" (pp : 352)
"On its positive side Iqbal has something really original to contribute to the philosophy of religion" (pp : 353

یہ مقالہ ڈگری کے لیے ۱۹۶۸ء میں پیش کیا گیا ، ۱۹۷۳ء میں اس پر ڈگری تفویض ہوئی ۔ اب یہ مقالہ عنوان میں قدرے تبدیلی کے ساتھ :

"**Iqbal's Philosophy of Religion**" :
(A study in the cognitive value of religious experience)

کے نام سے کتابی صورت میں زیر طبع ہے (ناشر : اسلامک بک سروس ، اردو بازار ، لاہور) ۔

* * *

"The Impact of Rumi upon the Religious Thought of Iqbal."

مقالہ : پی ایچ ڈی ، شعبۂ فلسفہ ، پنجاب یونیورسٹی ،
لاہور ۱۹۷۳ء ، ۱۹۷۷ء صفحات : ۴۷۵
مقالہ نگار : ڈاکٹر ایم ۔ نذیر
نگران کار : ڈاکٹر پروفیسر سی ۔ اے ۔ قادر

Acknowledgement : I
Preface : II
Introduction : 1—32

Part I : Religious Life—Psychological Aspect :
1. The Human Self 33—76
2. The Destiny of the self 77—135
3. Values 136 – 216
4. Divalues 217—272

Part II : Religious Life – Metaphysical Aspect :
1. Stages of Religious Life 273 – 302
2. Religious Symbolism 303 – 328
3. The Physical World 329 – 359
4. God 360 – 392

Part III : Religious Life—The Apex :
1. The Perfect Man 393 – 421

2. Muhammad : The most Perfect Man 422—445
Conclusion : 446 – 456
Short Abstract : 457 – 462
Bibliography : 463—475

"This present thesis is .... a deep study of the impact of religious thought of Rumi, on that of Iqbal, whom the latter acclaims as his "guide".
(Preface : II)

"This thesis, firstly, defines the place of Iqbal as a Muslim thinker, and tries to remove the misconception that he was an imitator of Euro-pean philosophers (pp : 25). Secondly, it weaves Rumi's philosophy into coherent and connected ideas (pp : 25). Thirdly, this thesis explains the Quranic concepts as interpreted by Rumi and Iqbal (pp : 26). Fourthly, it serves the Western world by introducing Eastern thought (pp: 26). Lastly, this thesis possesses pragmatic value. It helps modern man to develop into a full-grown personality." (pp: 26)

یہ مقالہ ۱۹۷۳ء میں ڈگری کے لیے پیش کیا گیا ، اور ۱۹۷۷ء میں اس پر ڈگری تفویض کی گئی -

* * *

"Sri Aurobindo and Iqbal"

مقالہ : پی ایچ - ڈی، شعبۂ فلسفہ، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی ،

مطبوعہ : مسلم یونیورسٹی ، علی گڑھ ، ۱۹۷۴ء

صفحات : ۱۲ + ۲۱۳

مقالہ نگار : ڈاکٹر ایم رفیق

Foreword : Prof. Dr. Ishrat Hasan Enver
Preface : Dr. M. Rafiq
Introduction : 1—13
Chapter I Biographical Facts and the Historical Background : 14—44

مری اوروبند کی زندگی Inner نشو و نما ،
بحیثیت شاعر و قلم کار

اقبال کی زندگی Inner نشو و نما ، بحیثیت
شاعر و قلم کار

Chapter II Sources of knowledge 45—65
Chapter III Metaphysical foundations 66—129
Chapter IV The Ideal of Human Life 130—192
Conclusion : 193—195
Bibliography : 196—207
Index 209—213

[اس مقالے کے کوائف ایک ثانوی ماخذ سے میسر آئے]

"An Analysis of the Philosophical Ideas and Works of Iqbal."

مقالہ : پی ایچ ڈی ، ڈرہم یونیورسٹی ، انگلستان

مقالہ نگار : ڈاکٹر رفعت حسن

"Riffat Hasan : holds a Ph.D degree in the philosophy from Durham University. Her doctoral dissertation was : "An Analysis of the Philosophical Ideas and Works of Iqbal". She is currently Deputy Director of the Bureau of National Research, Pakistan."

[Hafeez Malik : Poet-Philosopher of Pakistan, Columbia University Press, New York, London, 1971, pp : 430]

* * *

مقالہ پی ایچ - ڈی [فارسی]

توضیحی تعارف

شرحِ حال و آثار و سبکِ اشعار و افکارِ اقبال

—دکتر سید محمد اکرم

''شرحِ حال و آثار و سبکِ اشعار و افکارِ اقبال''

مقالہ : پی ایچ - ڈی - (فارسی) ، تہران یونیورسٹی ، تہران ، ۱۹۶۳ء

مطبوعہ : لاہور ، ۱۹۷۰ء

طابع : جدید اردو ٹائپ پریس ، لاہور

ناشر : انجمن دوستی ایران و پاکستان ، لاہور ، اپریل ۱۹۷۰ء

صفحات (بانگِ درا سائز) : ۲۶۹

مقالہ نگار : دکتر سید محمد اکرم

[دیباچہ : ب]

* * *

٦ ۔ ''اقبال ــ ''بال جبریل کی روشنی میں''

مقالہ : ایم ۔ اے (اردو) ، کراچی یونیورسٹی ، کراچی،
۷٦ - ۱۹۷۵ء

صفحات : (فل اسکیپ قلمی) ۱۳۲

مقالہ نگار : سیدہ شیرین پروین

نگران کار: ڈاکٹر فرمان فتح پوری

دیباچہ : ۱-۲

پہلا باب : ''بالِ جبریل'' کی تخلیق کا پس منظر ۳-۱۷

دوسرا باب : ''بالِ جبریل'' کی اہم اور طویل نظمیں ۱۸-۵۸

تیسرا باب : ''بالِ جبریل'' کے قطعات ۵۹-٦۵

چوتھا باب : ''بالِ جبریل'' کی غزلیں ٦٦-۹٦

پانچواں باب : ''بالِ جبریل'' کی اہم تلمیحات ۹۷-۱۱۵

چھٹا باب : ''بالِ جبریل'' کی قدر و قیمت اور اقبال کے مطالعے کے سلسلے میں اس کی اہمیت ۱٦-۱۳۰

کتابیات : ۱۳۱-۱۳۲

مقالے کا پہلا باب عمومی تبصرے ، نام کی وجہ تسمیہ ، سیاسی و سماجی محرکات اور سالِ اشاعت وغیرہ کی بحث پر مشتمل ہے - دوسرا باب ''بالِ جبریل'' کی غزلیات پر عام تبصرے اور ذوق و شوق ، مسجدِ قرطبہ اور ساقی‌نامہ کے خصوصی مطالعے پر مبنی ہے - تیسرے باب میں ''بالِ جبریل'' کے قطعات کی تعداد ، ان کے موضوعات ، فنی خصوصیات اور اہمیت وغیرہ سے بحث کی گئی ہے - چوتھا باب غزل کے فن ، ''بالِ جبریل'' اور اس سے پہلے کی غزلوں کے فرق ، خصوصیات اور اہمیت پر روشنی ڈالتا ہے - مقالے کی ایک نقل ڈاکٹر فرمان فتح پوری (شعبۂ اردو ، کراچی یونیورسٹی ، کراچی) کے ذاتی کتب خانے میں موجود ہے -

* * *

۷ ۔ "مصطلحات جاوید نامہ"

مقالہ : ایم ۔ اے (فارسی) ، پنجاب یونیورسٹی ، ۱۹۷۴ء

صفحات : ۱۵۹

مقالہ نگار : ابرالنساء

نگرانِ کار: ڈاکٹر سید محمد اکرم شاہ

پیش لفظ : [- ب

"جاوید نامہ" کے متعلق چند باتیں ج ، د ، ر

مصطلحات ۱-۱۵۵

کتابیات ۱۵۶-۱۵۹

"میں اپنے استادِ محترم جناب سید محمد اکرم شاہ کی ممنون ہوں کہ آنھوں نے مجھے اس کام پر مامور کیا کہ میں "جاوید نامہ" کی مصطلحات کے متعلق تحقیق کروں اور ان کے متعلق توضیحی نوٹ لکھوں ۔ اگرچہ یہ کام میرے لیے مشکل تھا ، مگر ان استاد محترم کی حوصلہ افزائی اور رہنمائی سے میں نے یہ کام اپنی استعداد کے مطابق انجام دیا ہے ۔"
[پیش لفظ : [ ]

"علامہ اقبال کا مطالعہ بہت وسیع تھا ۔ (آنھیں) نہ صرف مشرق و مغرب کے علوم پر عبور حاصل تھا بلکہ وہ ادبی و

فنی روایات سے بھی خوب واقف تھے ، اس لیے ان کے کلام میں ان تمام علوم اور تاریخ و ادب کی روایات کی طرف بھی اشارے ملتے ہیں - کیونکہ اشعار تفصیل کے متحمل نہیں ہو سکتے اسی وجہ سے شاعر ، اکثر علامات و اشارات سے کام لیتا ہے - کلام اقبال میں جہاں قرآن و حدیث اور دوسرے شعراء کے کلام کی طرف اشارے ملتے ہیں وہاں بعض تاریخی شخصیتوں کے حوالے بھی آتے ہیں - ایک عام قاری یا کم استعداد طالب علم جب تک ان اشارات یا مصطلحات سے آگاہ نہ ہو ، اس کے لیے مطالب و مفہوم سمجھنا یا ان اشارات سے لطف اندوز ہونا ناممکن ہے - اس سے قبل بھی تلمیحات یا بالفاظِ دیگر مصطلحات پر کام ہو چکا ہے، مگر وہ نامکمل سا ہے - میں نے بساط بھر کوشش کر کے اس کام کو پورا کیا ہے اور بہت سی ایسی ادبی مصطلحات کے متعلق تفصیل مہیا کی ہے جو اس سے قبل نہیں لکھی گئی-"

[پیش لفظ : ا - ب]

*　　*　　*

٨ - ''اقبال و دیوان ارمغان حجاز-عصرہ ، فکرہ ، أدبہ''

[ترجمۃ و تحلیل الدیوان]

مقالہ : ایم - اے (عربی) ، جامعۃ القاہرہ ، مصر

مطبوعہ : المکتبۃ العلمیہ و مطبعتھا ، لیک روڈ ، لاہور ، ۱۹۷۶ء

صفحات : ۵ + ۳۱۲

مقالہ نگار : سمیر عبدالحمید ابراہیم

مقدمۃ الناشر (عبیدالحق ندوی) أ - ب

مقدمۃ المؤلف ج - ہ

القسم الاول :

۱ - العصر ۱-۲۹

۲ - اقبال المفکر ۳۰-۵۰

۳ - اقبال الادیب ۵۱-۱۲۳

القسم الثانی :

۱ - ارمغان حجاز (i) محتوی الدیوان ۱۲۵-۱۵۴

(ii) دراسۃ تحلیلیۃ ۱۵۵-۱۷۳

٢ الديوان :	٢٩٧-١٧٣
خاتمة	٣٠٠-٢٩٧
ثبت بأسماء المراجع	٣٠٦-٣٠١
فهرس الكتاب	٣١٢-٣٠٧

* * *

(ب) اردو شاعری :

۱ - اقبال کی شاعری کا فنی پہلو	خدیجہ	۱۹۶۶ء
۲ - اقبال کی امیجری	حریت ناصر	۱۹۶۸ء
۳ - اقبال کے اردو کلام میں اسلامی تلمیحات	عاصمہ فرحت	۱۹۷۰ء
۴ - کلامِ اقبال میں رومانی عناصر	فاخرہ گیلانی	۱۹۷۵ء
۵ - اقبال اور مناظرِ فطرت	زرینہ احمد علی	۱۹۶۴ء
۶ - مکالماتِ اقبال کا تجزیہ	اختر سلطانہ	۱۹۷۰ء
۷ - اقبال کے اردو کلام میں طنز و مزاح	سعادت سلطانہ	۱۹۷۴ء
۸ - اقبال کی اردو غزل	حمیدہ ملک	۱۹۶۱ء
۹ - اقبال کی ملی شاعری	نیر جہاں نامی	۱۹۶۲ء
۱۰ - اقبال کی قومی شاعری	شمیم ملک	۱۹۷۰ء
۱۱ - اقبال بحیثیت شاعرِ مشرق	رفعت علی خاں	۱۹۵۶ء
۱۲ - اقبال کی طویل نظموں کا تجزیہ	یاسمین سلطانہ	۱۹۶۴ء
۱۳ - اردو نظم میں اقبال کا مرتبہ	فرحت یاسمین	۱۹۶۱ء
۱۴ - اردو شاعری پر اقبال کے اثرات	مہر افروز درانی	۱۹۵۶ء

۱ - ''اقبال کی شاعری کا فنی پہلو''

مقالہ : ایم - اے (اردو) ، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور ، ۱۹۶۶ء

صفحات : (قلمی) ۳ + ۱۹۵

مقالہ نگار : خدیجہ

نگرانِ کار: پروفیسر سید وقار عظیم

پیش لفظ :		ا - ج
پہلا باب	: اقبال کا نظریۂ فن	۱-۳۴
دوسرا باب	: تغزل	۳۵-۶۸
تیسرا باب	: تشبیہات و استعارات	۶۹-۱۰۱
چوتھا باب	: تلمیحات و اشارات	۱۰۲-۱۳۱
پانچواں باب	: تصویر کاری	۱۳۲-۱۵۳
چھٹا باب	: لفظوں کی اہمیت	۱۵۴-۱۷۲
ساتواں باب	: بحروں کا انتخاب	۱۷۳-۱۸۷
ماحصل :		۱۸۸-۱۹۱
کتابیات :		۱۹۲-۱۹۵

''اس (مقالہ) کی اہمیت صرف اتنی ہے کہ اقبال کی شاعری کے فنی پہلوؤں پر یہ پہلی منظم کوشش ہے . . . ''ماحصل'' کے عنوان سے اختصار کے ساتھ کلامِ اقبال کی خوبیوں کو ذہن نشین کرانے کی کوشش کی گئی ہے۔''

[پیش لفظ : ب]

''اس مقالے کے لکھنے میں جتنا عرصہ خود پریشان رہی ساتھ ہی استادِ محترم سید وقار عظیم صاحب کو بھی تکلیف دیتی رہی - انھوں نے ہر موقع پر بلندحوصلگی اور اپنی صفتِ خاص ''مروت'' کا ثبوت دیا - نہ صرف مجھے استادِ محترم کے مفید مشوروں سے استفادہ کرنے کا موقع ملا بلکہ اُن کے تحریر شدہ مضامین بھی میرے لیے خضرِ راہ ثابت ہوئے - میں از روئے رواج آستاد محترم کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہوں مگر یہ ایسا احسان ہے جو الفاظ کا متحمل نہیں ہوسکتا . . . اس سلسلے میں ڈاکٹر غلام مصطفٰی خاں ، صدر شعبۂ اردو ، سندھ یونیورسٹی کی بھی تہہ دل سے مشکور ہوں جنھوں نے تعطیلِ گرما کے دوران سندھ یونیورسٹی لائبریری سے استفادہ کرنے کی اجازتِ خاص دی اور چند اہم و مفید مضامین بھی عطا کیے۔''

[پیش لفظ : ب ، ج]

*　　*　　*

۲ ۔ " اقبال کی امیجری"

مقالہ : ایم ۔ اے (اردو) پنجاب یونیورسٹی ، لاہور ،
۱۹۶۸ء

صفحات : ۹+۹۷

مقالہ نگار : حریت ناصر

نگران کار : پروفیسر سید وقار عظیم

مقدمہ : ا ۔ ط

پہلا باب : امیجری کیا ہے ؟ ۱-۹

دوسرا باب : اقبال کی تشبیہوں ، استعاروں اور
تلمیحات کا مختلف ادوار میں جائزہ ۲۰-۴۶

تیسرا باب : اقبال کی تشبیہوں ، استعاروں اور
تلمیحات کی جمالیاتی اہمیت ۴۷-۷۳

چوتھا باب : اقبال کی تشبیہوں ، استعاروں اور
تلمیحات میں فکری عنصر ۷۴-۹۵

ماخذ : ۹۶-۹۷

"یہ عنوان (امیجری) اپنی معنویت کے اعتبار سے فلسفہ، شاعری ، جمالیات اور تنقیدِ جدید میں بڑا اہم مقام رکھتا ہے۔"
[مقدمہ : ا]

''تصورات ۔ ۔ ۔ شعریت کے سانچے میں ڈھل کر تشبیہہ و استعارے کا روپ اختیار کریں تو اسے ''امیجری'' کہتے ہیں ۔ امیجری دراصل حسین تصورات کا ایک ایسا مرقع ہے جس میں شعری وحدت ، جمالیاتی رنگ اور تشبیہہ یا استعارے کا روپ ہوتا ہے''۔ [مقدمہ : ب]

''میں نے اپنے اس مقالے میں علامہ اقبال کی امیجری پر علمی، تحقیقی ، تنقیدی اور جمالیاتی نقطۂ نظر سے بحث کی ہے ۔ وجہ یہ ہے کہ علامہ کی ہمہ گیر شخصیت قریب قریب تمام علمی و فنی عناصر سے مرکب تھی''۔ [مقدمہ : ب ، ج]

''اس مقالے میں اگر کوئی خوبی ہے تو وہ میرے خونِ جگر کی آبرو اور میرے استاذِ گرامی قبلہ پروفیسر سید وقار عظیم صاحب کا فیضانِ علمی ہے''۔ [مقدمہ : ح]

''اُستاذِ گرامی پروفیسر سید وقار عظیم صاحب نے جس شفقت اور محنت سے قدم قدم پر میری راہنمائی فرمائی میں اس کے لیے ان کی بے حد ممنون ہوں ۔ انھوں نے مجھے تحقیق کی دشوار گزار راہوں سے شناسا کیا ۔ انھوں نے مجھے لکھنا سکھایا اور میری اصلاح کی ۔ الغرض انھوں نے مجھے اس قابل بنایا کہ میں یہ مقالہ لکھ کر پیش کر سکوں''۔ [مقدمہ : ط]

* * *

۳ - "اقبال کے اردو کلام میں اسلامی تلمیحات"

مقالہ : ایم - اے (اردو) ، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور ، ۱۹۷۰ء

صفحات : ۱۶۳

مقالہ نگار : عاصمہ فرحت

نگرانِ کار : ڈاکٹر عبیداللہ خاں

دیباچہ : الف

پہلا باب : تلمیح کا مفہوم اور اس کے اسلوب ۱-۲۶

اقبال کی تلمیحات کے انداز ۱۱

دوسرے شعراء کا اندازِ تلمیح ۱۹

دوسرا باب : اقبال کے اردو کلام میں اسلامی تلمیحات ۲۷-۷۳

قرآنی تلمیحات ۲۷

تلمیح آیات ۲۷

تلمیحاتِ قصص قرآن وغیرہ ۳۵

تیسرا باب : تلمیحاتِ احادیث ۷۳-۷۸

چوتھا باب : تلمیحاتِ تاریخ اسلام ۷۸-۱۲۲

صدر اسلام ۷۹

عہد بنی اُمیہ ۸۹

عہدِ دولتِ عباسیہ ۹۱

عہدِ عباسی کے بعد ۹۹

پانچواں باب : تلمیحاتِ پاک و ہند ۱۲۳-۱۴۰

چھٹا باب : تلمیحاتِ ادبی ۱۴۱-۱۶۰

مصادر : ۱۶۱-۱۶۳

"---میں نے تلمیحاتِ اقبال کو مختلف ابواب میں تقسیم کیا ہے، کیونکہ ان تلمیحات میں کچھ تاریخ اسلامی سے متعلق تھیں، کچھ کا تعلق تاریخ ہند سے تھا، کچھ ادب سے اپنا رشتہ ناتا رکھتی ہیں اور بہت سی قرآن و حدیث پر مشتمل ہیں - جہاں جہاں علامہ اقبال سے ان کے استعمال میں تسامح ہوا ہے ان کی نشاندہی بھی کر دی ہے"۔

[دیباچہ : ۱]

"میں اپنے استادِ مکرم جناب ڈاکٹر عبادت بریلوی صاحب صدر شعبۂ اردو کی بے حد ممنون ہوں جنھوں نے اس موضوع

پر کام کرنے کا موقع عنایت فرمایا اور حتی الوسع رہنمائی بھی فرمائی ۔ ناشکرگزاری ہوگی اگر میں اس موقع پر اپنے استاد اور نگران ڈاکٹر عبیداللہ خاں صاحب کا شکریہ ادا نہ کروں جن کی رہنمائی میں یہ مقالہ پایۂ تکمیل کو پہنچا ۔ موصوف نے میری رہنمائی میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا''۔

[دیباچہ :]

* * *

۴ ۔ "کلامِ اقبال میں رومانی عناصر"

مقالہ : ایم ۔ اے (اردو) ، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور ، ۱۹۷۵ء

صفحات : ۱۵۶

مقالہ نگار : فاخرہ گیلانی

نگرانِ کار : ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی

دیباچہ : ۳-۴

پہلا باب : رومانیت کی تعریف ، ماہیت و شرائط ۵-۳۶

دوسرا باب : کلامِ اقبال کے پہلے دور میں رومانی عناصر ۳۷-۷۴

تیسرا باب : کلامِ اقبال کے دوسرے دور میں رومانی عناصر ۷۵-۱۱۴

چوتھا باب : اقبال کی فلسفیانہ اور ملی شاعری میں رومانی عناصر ۱۱۵-۱۵۳

کتابیات : ۱۵۴-۱۵۶

''اگرچہ یہ موضوع بالکل اچھوتا تھا تاہم میں نے اپنی استعداد کے مطابق حتی‌الامکان اس موضوع کا حق ادا کرنے کی طالب علمانہ کوشش کی ہے'' [صفحہ : ۳]

''اگر میرے شفیق نگران ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی صاحب میری حوصلہ افزائی نہ فرماتے تو شاید اس کی تکمیل کی نوبت نہ آتی - میں اپنے محترم نگران اور دیگر اساتذۂ کرام کی مشفقانہ توجہ اور رہنمائی کا شکریہ ادا کرنے سے قاصر ہوں۔''

[صفحہ : ۴]

*　　*　　*

۵ ۔ "اقبال اور مناظرِ فطرت"

مقالہ : ایم ۔ اے (اردو) ، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور ۱۹۶۴ء

صفحات : ۸ + ۱۸۹

مقالہ نگار : زرینہ احمد علی

نگرانِ کار : ڈاکٹر سید عبداللہ

دیباچہ : ۱-۸

پہلا باب : اردو شاعری میں فطرت سے اعتنا اقبال کے زمانے تک ۱-۳۱

دوسرا باب : اقبال پر مغربی فطرت پرست شعراء کا اثر ۳۲-۴۸

تیسرا باب : اقبال کی فطرت نگاری کا انداز اور خصوصیات ۴۹-۱۰۸

چوتھا باب : اقبال کی لفظی تصویر آفرینی ۱۰۹-۱۴۴

پانچواں باب : اقبال شیدائے فطرت یا حریفِ فطرت ؟ ۱۴۵-۱۶۸

چھٹا باب : اردو کے فطرت پسند شعراء میں اقبال کا مرتبہ ۱۶۹-۱۸۶

کتابیات : ۱۸۷-۱۸۹

''ہمارے اردو شعراء اور خصوصاً علامہ اقبال نے نیچر کے ساتھ کیسے روابط استوار کیے ، اس کی جھلک آپ اس مقالے کے اندر دیکھیں گے ۔'' [دیباچہ : ۷]

''اس مقالے کو سید صاحب (ڈاکٹر سید عبداللہ) کی حمایت و سرپرستی حاصل ہے ۔ اپنے اس عظیم مربی پر مجھے خود بھی فخر ہے جس نے میری تاریک راہوں کو روشن کرنے کی پوری سعی کی ۔'' [دیباچہ : ۱]

* * *

٦ ۔ ''مکالمات اقبال کا تجزیہ''

مقالہ : ایم ۔ اے (اردو) ، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور
۱۹۷۰ء

صفحات : ۱ + ۲۴۵

مقالہ نگار : سیدہ اختر سلطانہ

نگرانِ کار : پروفیسر سید وقار عظیم

پیش لفظ : ۱

پہلا باب : مکالمے کی تاریخ ۴۵-۱

دوسرا باب : علامہ اقبال کی مکالماتی نظموں کا فکری تجزیہ ۸۴-۴۶

تیسرا باب : علامہ اقبال کی مکالماتی نظموں کا فنی تجزیہ ۱۳۲-۸۵

چوتھا باب : علامہ اقبال کے اہم کردار* اور ان کی فکری اہمیت ۲۴۳-۱۳۳

کتابیات : ۲۴۴-۲۴۵

*۱ - ابلیس ۱۳۳-۱۵۲

۲ - حضرتِ خضرؑ ۱۵۲-۱۵۸

۳ - شاہین	۱۵۸-۱۶۴
۴ - شاعر	۱۶۵-۲۰۰
۵ - مہدی سوڈانی	۲۰۱-۲۰۴
۶ - ٹیپو سلطان شہیدؒ	۲۰۵-۲۱۵
۷ - منصور حلاج	۲۱۵-۲۳۰
۸ - عورت	۲۳۰-۶۳۸
۹ - قرۃالعین طاہرہ	۲۳۸-۲۴۳

''علامہ اقبال اردو ادب میں پہلے شاعر ہیں جنھوں نے مکالمے کی صنف کو روحانی نشو و نما کے ایک لازمی جزو کی حیثیت سے استعمال کیا اور ''گائے اور بکری'' کے مکالمے سے ابھر کر ''شکوہ و جواب شکوہ''۔''شمع و شاعر''۔۔ ''ابلیس و جبریل'' جیسے عظیم مکالموں تک رسائی حاصل کی۔'' [صفحہ: ۴۵]

''میں نے علامہ اقبال کے اردو اور فارسی مکالموں کا فکری اور فنی تجزیہ کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس سے پہلے اقبال کے مکالموں کے مبسوط تجزیے کی کوشش کبھی نہیں ہوئی۔ مکالمہ بحیثیت ایک صنف کے فلسفے اور شاعری میں محض ڈرامائی کیفیت ہی پیدا نہیں کرتا بلکہ روحانی نشو و نما کی مختلف منازل کی نشاندہی بھی کرتا ہے۔ اس مقالے کی تصنیف میں اقبال کے اہم مکالموں کا انتخاب ایک نہایت دشوار مرحلہ

تھا ۔ اس کے علاوہ ان کے کرداروں کی مخصوص نوعیت کا تعین بھی خاصا کٹھن کام تھا ، لیکن استادِ مکرم جناب سید وقار عظیم صاحب کی رہنمائی اور شفقت سے یہ مشکلیں آسان ہو گئیں ۔ ان کی ژرف نگاہی اور تبحرِ علمی سے میں اکثر و بیشتر مستفیض ہوتی رہی اور آخر دو سال کی محنت کے بعد یہ مقالہ پایۂ تکمیل تک پہنچا۔'' [پیش لفظ :]

* * *

۷ ۔ ''اقبال کے اردو کلام میں طنز و مزاح''

مقالہ : ایم ۔ اے (اردو) ، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور ، ۱۹۷۳ء

صفحات : ۳+۱۴۳

مقالہ نگار : سعادت سلطانہ

نگرانِ کار : ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی

دیباچہ : ا - ج

پہلا باب : اقبال کی شخصیت میں مزاح و ظرافت کے عناصر ۱-۴۸

دوسرا باب : اردو شاعری میں طنز و مزاح کی روایت کا سرسری جائزہ ۴۹-۷۸

تیسرا باب : کلامِ اقبال میں طنز کے موضوعات و اسالیب کا جائزہ ۷۹-۱۴۱

کتابیات : ۱۴۲-۱۴۳

''دوسرے باب میں اردو شاعری میں طنز و ظرافت کے سرسری جائزے کے بعد اکبر الہ آبادی اور علامہ اقبال کی ظریفانہ شاعری کا موازنہ کیا گیا ہے ۔ تیسرے باب میں بانگِ درا ،

بالِ جبریل ، ضربِ کلیم اور ارمغانِ حجاز میں سے طنزیہ اشعار چنے گئے ہیں ، ان اشعار کی تقسیم موضوعات کے لحاظ سے کی گئی ہے ۔" [دیباچہ : ا]

"مقالے میں اگر کوئی حسن یا انفرادیت ہے تو جناب ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی صاحب کے فیض کا نتیجہ ہے ۔ انھوں نے بڑی ہی توجہ اور شفقت سے اس مقالے کی اصلاح کی ۔ ۔ اگر خدا کا فضل اور نگرانِ مقالہ جناب ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی صاحب کی رہنمائی مجھے میسر نہ آتی تو میں اس قابل نہیں تھی کہ مقالہ پیش کر سکتی ۔" [دیباچہ : ب]

* * *

۸ - ''اقبال کی اردو غزل''

مقالہ : ایم - اے (اُردو) ، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور ، ۱۹۶۱ء

صفحات : ۱۶۸

مقالہ نگار : حمیدہ ملک

نگران کار : پروفیسر سید وقارعظیم

دیباچہ :

پہلا باب : اُردو غزل اور اقبال

دوسرا باب : اقبال کی اردو غزل کا سرسری جائزہ

تیسرا باب : ''بانگ درا'' کی غزلیات

چوتھا باب : ''بال جبریل'' کی غزلیات

پانچواں باب : اقبال نے اردو غزل کو کیا دیا ؟

کتابیات :

پنجاب یونیورسٹی لائبریری لاہور میں اس مقالے کا اندراج نمبر یہ ہے : ۸۹۱ء۴۳۱۰۹۲ J/T ۶۰۵ح

لائبریری میں اب یہ مقالہ دستیاب نہیں ہے - اس کے مشمولات کے نا تمام کوائف ایک ثانوی ماخذ سے میسر آئے -

۹ ۔ ''اقبال کی ملی شاعری''

مقالہ : اے ۔ ایم (اُردو) ، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور
۱۹۶۲ء

صفحات : ۱ + ۱۵۱

مقالہ نگار : نیر جہاں نامی

نگران کار : پروفیسر سید وقارعظیم

پیش لفظ : ا

پہلا باب : اقبال کی شاعری کے ادوار ۱-۴۱

دوسرا باب : اردو میں ملی شاعری کی روایت کا آغاز ۴۲-۷۳

تیسرا باب : اقبال کی ملی شاعری کا آغاز اور اس کے محرکات ۷۴-۹۸

چوتھا باب : اقبال کی ملی شاعری کے موضوعات ۹۹-۱۲۷

پانچواں باب : اقبال کی ملی شاعری کا فنی مرتبہ ۱۲۸-۱۳۵

کتابیات : ۱۳۶-۱۵۱

''میں اپنے محترم اُستاد جناب سید وقارعظیم صاحب کی ممنون ہوں کہ اُنھوں نے اس مقالے کی تیاری کے سلسلے میں مجھے

ہر طرح کی امداد بہم پہنچائی . . . اس میں جو کچھ اچھا ہے اس کی داد میرے محترم اُستاد کو ملنی چاہیے - اقبال پر بہت کچھ لکھا جا چکا ہے اور یہ جناب وقارعظیم صاحب کی ان تھک محنت اور کاوش کا نتیجہ ہے کہ میں ''اقبالیات'' میں ایک ناچیز اضافہ کر سکی ہوں - اس کے لیے میں وقارعظیم صاحب کی تہہ دل سے ممنون ہوں -''

[پیش لفظ :]

* * *

۱۰ - ''اقبال کی قومی شاعری''

مقالہ : ایم - اے (اردو) ، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور، ۱۹۷۰ء

صفحات : ۱۹۴

مقالہ نگار : شمیم ملک

نگران کار : پروفیسر سید وقارعظیم

دیباچہ : الف ، ب

پہلا باب : لفظ ''قومی'' کا مفہوم اور اس کے معنوی حدود ۱-۳۰

دوسرا باب : اردو شاعری میں قومیت کے تصور کا ارتقاء ۳۱-۸۹

تیسرا باب : قومی شاعری کے اہم نمائندے ۹۰-۱۲۹

چوتھا باب : ہندوستان کی محبت اور اس کے متعلق اقبال کے تصورات، اقبال کی شاعری کا پہلا دور اور اس کے موضوعات ۱۲۹-۱۴۵

پانچواں باب : اقبال کی شاعری کا دوسرا دور
اور تیسرا دور ۱۴۶-۱۷۰

چھٹا باب : اقبال اور دوسرے قومی شاعروں
کا مقابلہ ۱۷۱-۱۸۹

کتابیات : ۱۹۰-۱۹۴

مقالہ بے کیف اور غیر متوازن ہے - تمہید کے تین ابواب نے مقالے کے دوتہائی صفحات گھیرے ہیں - 'اقبال کی قومی شاعری' کو جو اصل موضوع ہے آخری تین ابواب کے صرف ۶۰ صفحات میں نمٹا دیا گیا ہے :

''میں اپنے محترم استاد جناب سید وقارعظیم صاحب کی بے حد احسان مند ہوں - سید صاحب نے انتہائی مصروفیت کے باوجود میری حوصلہ افزائی فرمائی اور مجھے قطعاً محسوس نہ ہونے دیا کہ میں اس میدان میں اجنبی ہوں - مقالے کی ترتیب و تدوین میں اگر استاد محترم کی رہنمائی اور مدد شامل نہ ہوتی تو شاید میں (بصورت موجودہ بھی) اسے پایۂ تکمیل تک نہ پہنچا سکتی''۔

[دیباچہ ، صفحہ ز]

* * *

۱۱ - ''اقبال بحیثیت شاعر مشرق''

مقالہ : ایم - اے (اردو)، سندھ یونیورسٹی ، حیدرآباد، ۱۹۵۶ء

صفحات : (فل اسکیپ) : ۲۶۳

مقالہ نگار : رفعت علی خاں

نگران کار : ڈاکٹر غلام مصطفٰی خاں

دیباچہ : رفعت علی خاں

حصہ اول

۱ - ارتقائے ذہنی :

اقبال کا عہد ، اقبال کا ذہنی ارتقاء ، خاندان اور ماحول کا نفسیات پر اثر ، ذہنی ارتقا میں تعلیم و تربیت کے اثرات ، شخصیت کی تعمیر میں ماحول اور معاشرے کا حصہ -

۲ - ارتقائے شاعری :

شاعری کا آغاز اور تدریجی ارتقاء ، پہلا دور ، دوسرا دور ، تیسرا دور ، آخری دور -

۳ - ذہنی ارتقاء میں مطالعۂ علوم مشرق و مغرب کے اثرات :

تصورات اقبال کے ماخذ ، اقبال اور دیگر مشرقی و مغربی

مفکرین ، نٹشے ، ہنری برگساں ، جیمس وارڈ ، اقبال اور رومی ۔

۴ - سیاسیات سے ذاتی تعلق اور تأثرات :

کونسل کی ممبری ، ملی و قومی خدمات میں ذاتی دلچسپی ، مسلم لیگ کی صدارت اور نظریۂ پاکستان ، دوسری گول میز کانفرنس میں شرکت ، اسلامی ممالک کی سیر ، مغربی زعماء اور فلاسفروں سے ملاقات ، مشرقی ممالک کی سیاسیات میں دلچسپی ، ہندوستانی سیاست میں عملی حصہ ، خطبۂ صدارت مسلم لیگ ، تیسری گول میز کانفرنس میں شرکت ، اسلامی ریاست کی تشکیل میں دلچسپی اور عملی حصہ ۔

حصہ دوم

۱ - شاعر مشرق سے کیا مراد ہے :

نظریۂ مشرقیت کا داخلی پہلو ، مشرق کی تمدنی قدروں کا احساس ، اقوام مشرق سے خطاب ، افغانستان سے خطاب ، ترکی سے خطاب ، ایران سے خطاب ، عربوں سے خطاب ، فلسطینی عربوں سے خطاب ، ہندی مسلمانوں سے خطاب ، مملکت روس سے خطاب ۔

۲ - کلام اقبال سے عالم مشرق کہاں تک مستفیض ہوا :

نظریۂ مشرقیت کا خارجی پہلو ، مغرب سے بیزاری کے اسباب۔

۳ - شاعر مشرق کے نظریات و تصورات :

نظریۂ دین و سیاست ، تہذیب و تمدن ، نظریۂ وطنیت ،

قومیت اور بین الاقوامیت، مغربی جمہوریت اور اسلامی نظام، روسی اشتراکیت اور اسلامی اشتراکیت کا موازنہ - اقبال کا فلسفۂ خودی، اقبال کا نظریۂ فنون لطیفہ، کیا اقبال کا نظام فلسفہ قابل عمل ہے ؟

''علامہ اقبال کو اُن کے مداحوں نے بیک وقت کئی روپ میں پیش کیا ہے - کہیں محض شاعر اور کہیں مفکر شاعر، کہیں شاعر اسلام اور کہیں شاعر مشرق . . . اس امر میں شبہ نہیں کہ علامہ کی ذات بڑی ہمہ گیر ہے اور وہ ہر حیثیت میں قدآور ہیں بلکہ ہر روپ اُن کی شخصیت کے لیے زیب دیتا ہے لیکن . . . بعض اوقات اقبالیات کے قارئین اس اُلجھن میں پڑ جاتے ہیں کہ اُن کو کس لفظ سے خطاب کیا جائے ؟

میں نے اس مقالے میں علامہ اقبال کو بحیثیت شاعر مشرق پیش کرنے کی کوشش کی ہے اور اس امر کا لحاظ رکھا ہے کہ عنوان ہٰذا کی مطابقت میں انھیں کے تصورات و نظریات کلام سے اُن کی حیثیت مشرق کے ایک نمائندہ شاعر کے بطور واضح ہو جائے - البتہ مجھے اس بات کا احساس ہے کہ یہ عنوان بہت وسیع ہے اور علامہ کے نظریات و تصورات کا تجزیہ کرنا مشکل اور سمجھانا مشکل تر ہے - علامہ نے خود اپنی حیثیت کا تعین کئی ایک مقامات پر کیا ہے، میں نے ان کو بطور دلیل پیش نظر رکھا ہے :

تہذیبِ نوی کارگہِ شیشہ گراں ہے
آدابِ جنوں شاعرِ مشرق کو سکھا دو !''

[رفعت علی خاں، دیباچے سے اقتباس]

یہ مقالہ شعبۂ اردو سندھ یونیورسٹی کی سیمینار لائبریری میں موجود نہیں ہے ۔ اس کی ایک جلد مقالہ نگار کے پاس محفوظ ہے ۔ مقالے کے کوائف خود مقالہ نگار کے قلم سے لکھے ہوئے مجھے ڈاکٹر سید سخی احمد ہاشمی ، استاد شعبۂ اردو ، جامعہ سندھ کی توجہ سے میسر آئے ۔

*　　*　　*

۱۲ - ''اقبال کی طویل نظموں کا تجزیہ''

مقالہ : ایم - اے (اردو) ، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور ، ۱۹۶۴ء

صفحات : ۲+۲۵۸+۷

مقالہ نگار : یاسمین سلطانہ

نگرانِ کار: پروفیسر سید وقار عظیم

مقالہ نگار نے بہ ترتیبِ ذیل اقبال کی گیارہ نظموں کا تجزیاتی مطالعہ کیا ہے :

دیباچہ : ا - ب

۱ - تصویرِ درد ۲-۱۹

۲ - شکوہ ۲۱-۵۲

۳ - جواب شکوہ ۵۴-۸۱

۴ - شمع اور شاعر ۸۲-۱۰۶

۵ - خضرِ راہ ۱۰۷-۱۳۲

۶ - طلوعِ اسلام ۱۳۳-۱۵۴

۷ - والدہ مرحومہ کی یاد میں ۱۵۵-۱۷۳

۸ - مسجدِ قرطبہ ۱۷۴-۱۹۹

۹ - ذوق و شوق ۲۰۰-۲۱۱

۱۰ - ساقی نامہ ۲۱۲-۲۳۸

۱۱ - ابلیس کی مجلسِ شوریٰ ۲۳۹-۲۵۸

کتابیات : ۱-۷

مقالہ نگار نے ہر نظم کے پس منظر (تمہید) ، نظم کے موضوع اور ہر نظم کی شاعرانہ خصوصیات ، اس کی ادبی اہمیت اور محاسن پر سلیقے سے روشنی ڈالی ہے -

''اقبال ایک تو خود فلسفہ و معانی کا سمندرِ بے پایاں ہے اور پھر اس کی طویل نظموں پر علمی تنقید جیسا مشکل کام . . . میں نے بڑی ضد کے بعد استادِ محترم ڈاکٹر سید عبداللہ سے اقبال پر لکھنے کی اجازت لی تھی مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ میں معانی کے اس وسیع سمندر کو پوری طرح سمجھتی ہوں . . . مجھے ان مشکلات کا احساس تھا جو راستے میں پیش آ سکتی تھیں. . . راستہ کٹھن ہو اور منزل دور ، ایسے میں ایک ''خضرِ راہ'' مل جائے تو انسان کو خود اپنی قسمت پر رشک آنے لگتا ہے - بالکل یہی کیفیت میری اس وقت ہوئی جب مجھے معلوم ہوا کہ اس مشکل کام میں مجھے پروفیسر سید وقار عظیم جیسے شفیق استاد کی رہبری میسر آ رہی ہے. . . محترم سید وقار عظیم صاحب کی شفقت اور محبت نے کبھی ان مشکلات کا اندازہ نہ ہونے دیا - اُنھوں نے نہ صرف کمال شفقت سے میری رہنمائی فرمائی بلکہ اپنے ذاتی کتب خانے سے ہر وہ کتاب لا کر دی جس کی ہمیں ضرورت محسوس ہوئی - یہ تأثرات میرے ہی نہیں ، ہر اُس طالب علم

کے ہوں گے جسے محترم سید وقار عظیم صاحب کی نگرانی میں کام کرنے کا موقع ملا ہے ۔ اقبال کے ''نرم دم گفتگو اور گرم دمِ جستجو'' کا اگر کہیں امتزاج نظر آیا تو اپنے ان شفیق استاد میں . . . اس مقالے کے جملہ عیوب میری کوتاہیوں کا ، محاسن اگر کوئی ہیں تو آستادِ محترم کی شفقت کا نتیجہ ہیں ۔''

[دیباچہ : ا - ب]

* * *

۱۳ - ''اردو نظم میں اقبال کا مرتبہ''

مقالہ : ایم - اے (اردو) ، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور ، ۱۹۶۱ء

صفحات : (مطبوعہ بانگِ درا سائز) ۲۰۴

مقالہ نگار : فرحت یاسمین

نگرانِ کار: ڈاکٹر وحید قریشی

پیش لفظ : ۵-۳

۱ - اردو نظم کی روایت اقبال سے قبل ۲۰-۹

۲ - اقبال کی نظموں کے موضوعات اور اردو نظم کی روایت میں ان کے اضافے ۹۲-۲۱

۳ - ہیئت اور فن کے تجربے ۱۲۲-۹۳

۴ - اردو شاعری میں اقبال کا مقام ۱۵۲-۱۲۳

۵ - جدید نظم کے علمبرداروں* پر اقبال کی شاعری کے اثرات ۱۹۹-۱۵۳

فہرست کتب : ۲۰۴-۲۰۰

''*جدید نظم کے ۴۳ علمبرداروں کا تذکرہ اور ان پر شعرِ اقبال کے اثرات دکھائے گئے ہیں - سب سے پہلے امین حزیں اور نمبر ۴۳ پر بشیرالنساء بیگم کا ذکر آیا ہے - بعض دوسرے شاعروں کے اسماء : خان احمد حسین خان احمد، ظفر علی خان، عبدالحمید عرفانی، شاکر صدیقی، حفیظ جالندھری اور آلِ احمد سرور وغیرہ -

''اس مقالے کو پانچ ابواب میں مکمل کیا ہے - پہلے باب میں اس امر کا سرسری جائزہ لیا ہے کہ اقبال سے قبل اردو نظم کی روایت کیا تھی - دوسرا باب ''اقبال کی نظموں کے موضوعات اور نظم کی روایت میں ان کے اضافے'' اقبال کے فلسفہ جات کی تشکیل جدید سے متعلق ہے - ان کی فکر کی بنیادوں کا سب سے بڑا ماخذ قرآنِ مجید ہے جس نے کائنات اور زندگی کا وہ تصور پیش کیا ہے [؟] - طبقاتی درجہ بندی اور آقاؤں و غلاموں کی تہذیب اور قسمت پرستی کی توضیح - اقبال اس تصور کی بنیادوں کو اکھیڑ پھینکتے ہیں- وہ اسلامی آئینِ حیات سے زمانے کی گرد صاف کرتے ہیں - تیسرے باب میں اقبال کے فن پر بحث کی گئی ہے... چوتھے باب میں اقبال کی شاعری پر بحث کی گئی ہے اور ان کا مقام متعین کیا ہے... پانچویں باب میں ان شعراء کا جائزہ لیا ہے جنھوں نے اقبال کے اثرات کو قبول کیا -''

[پیش لفظ : ۳ - ۴]

''میں مکرم و محترم ڈاکٹر وحید قریشی صاحب کی متشکر و ممنون ہوں جن کی مدد سے میں اس قابل ہوئی کہ خاورِ مشرق کی تابناک کرنوں سے مستفید ہو سکوں اور جنھوں نے میرے

مقالے میں انتہائی دل چسپی لیتے ہوئے بڑی باقاعدگی سے نظرِ ثانی کی اور وقتاً فوقتاً اپنے مفید مشوروں سے نوازا ۔"

[پیش لفظ : ۴]

"میں جناب ڈاکٹر عبادت بریلوی صاحب کی بھی شکرگزار ہوں جنھوں نے مقالے کا خاکہ تیار کرنے میں میری رہنمائی کی ۔"

[پیش لفظ ، ۵]

* * *

۱۴ - ''اردو شاعری پر اقبال کے اثرات''

مقالہ : ایم - اے (اردو) ، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور ۱۹۵۶ء

صفحات : ۲ + ۲۸۴ + ۴

مقالہ نگار : مہر افروز درانی

نگرانِ کار: پروفیسر سید وقار عظیم

پیش لفظ : ا - ب

پہلا باب : اقبال کی شاعری کا پس منظر ۱-۱۴

دوسرا باب : اقبال کے پیشرو* ۱۵-۴۶

تیسرا باب : اقبال کی شاعری ۴۷-۱۱۳

چوتھا باب : دورِ حاضر کے شاعروں پر اقبال کے فکری اثرات کا تجزیہ ۱۱۴-۲۴۰

پانچواں باب : اقبال کے اسلوب کا تجزیہ ۲۴۱-۲۶۹

چھٹا باب : اقبال اور اردو شاعری کا مستقبل ۲۷۰-۲۸۴

کتابیات : ا - د

*[آزاد ، حالی ، شبلی ، اکبر ، چکبست]

''اقبال کی شخصیت ہمارے ادب و شعر کے موجودہ دور کی سب سے عظیم شخصیت ہے اور ان کی آواز بلا شبہ ہمارے برصغیر کے ادب میں سب سے مؤقر اور سب سے مؤثر آواز ہے - اقبال کی آواز کا یہی وقار اور اس کی یہی تاثیر ہے جس نے خواص و عوام دونوں کو اپنی طرف متوجہ کیا ہے - اقبال کے چھوٹے بڑے سب معاصرین نے اقبال کے پیغام کے کسی نہ کسی پہلو کو دانستہ یا غیر محسوس طریقے پر اپنے پیغام کا جزو بنایا ہے اور اس کے لہجے کو اس طرح اپنایا ہے جیسے یہی لہجہ اس زمانے کا سب سے موزوں اور سب سے صحیح لہجہ ہے - اسی احساس نے (یہ) مقالہ لکھنے کی ترغیب دلائی -''

[پیش لفظ : ا]

''بڑی دشواری یہ تھی کہ اتنے وسیع موضوع کو آخر کس طرح سمیٹا جائے اور اس کے مختلف اجزاء میں کس طرح ترتیب قائم کی جائے - یہ مرحلہ اساتذہ کی رہنمائی سے آسان ہوا اور مقالے نے ترتیب کے اعتبار سے وہ شکل اختیار کی جو آئندہ اوراق کی صورت میں پیشِ نظر ہے -''

[پیش لفظ : ب]

''اقبال نے اپنے معاصرین کو واضح طور پر دو حیثیتوں سے متأثر کیا ہے - ایک اپنے افکار میں اور دوسرے اسلوب میں - اسی لیے ان اثرات کا جائزہ لینے کے لیے ضروری تھا کہ اقبال کے فکر اور اسلوب کا سرسری جائزہ لے کر معاصر شعراء پر ان کے اثرات کی وضاحت کی جائے - یہ احساس ہے کہ زیادہ

فرحت اور اطمینان میسر ہو تو ان اثرات کا تجزیہ یقیناً اس سے بہتر انداز میں کیا جا سکتا ہے - میں اپنے محترم نگران سید وقار عظیم صاحب کی از حد ممنون ہوں جن کی پر شفقت رہنمائی نے ہر قدم پر میری اعانت فرمائی -''

[پیش لفظ : ب]

* * *

(ج) فارسی شاعری :

۱ - علامہ اقبال کی فارسی شاعری	ایم۔عبدالرحمان دستی	۱۹۵۲ء
۲ - اقبال کی فارسی شاعری میں انقلابی عناصر	نگہت اقبال	۱۹۵۹ء
۳ - فارسی شاعری کے ذریعے اقبال کا پیغام	محمد احمد خاں	۱۹۷۶ء
۴ - اقبال کی فارسی شاعری کی قدر و قیمت اور خصوصیات	محمد صلاح الدین صدیقی	۱۹۵۴ء
۵ - اقبال کی فنی تراکیب	انور سلطانہ	۱۹۷۲ء

۱ - ''علامہ اقبال کی فارسی شاعری''

مقالہ : منشی فاضل ، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور ، ۱۹۵۲ء

صفحات : (کاپی سائز ، سیاہ قلمی) ۴۵

مقالہ نگار : ایم عبدالرحمان دستی

نگرانِ کار: آقا بیدار بخت

حالاتِ زندگی وغیرہ	۱-۸
اردو شاعری کی نمایاں چیزیں	۹-۱۶
فارسی سے تعلق اور فارسی شاعری	۱۶-۲۷
فارسی غزلیات	۲۷-۳۰
فارسی رباعیات	۳۰-۳۷
فارسی مثنویاں	۳۸-۴۲
اقبال ایرانی ادباء کی نظر میں	۴۳-۴۵

''مقالے کے آغاز میں آقا بیدار بخت (پرنسپل دارالعلوم السنہ شرقیہ ، لاہور) کی قلمی دستخطی تصدیق (مورخہ ۳۰ مارچ ، ۱۹۵۲ء) ہے کہ مقالہ نگار نے منشی فاضل کے امتحان ۱۹۵۲ء کے لیے یہ مقالہ ان کی نگرانی میں تیار کیا -

۲ ۔ ''اقبال کی فارسی شاعری میں انقلابی عناصر''

مقالہ : : ایم ۔ اے (فارسی)، کراچی یونیورسٹی، کراچی، ۱۹۵۹ء

صفحات : ۸۱

مقالہ نگار : نگہت اقبال

مقدمہ :

حصہ اول :

باب (۱) : اقبال کی شاعری کی ابتدا اور فارسی شاعری کا آغاز ۱-۱۶

باب (۲) : اقبال کی فارسی تصنیفات ۔ باعتبارِ تاریخ ۱۷-۲۹

حصہ دوم :

باب (۳) : انقلاب کی تعریف اور اس کے حدود ۳۰-۳۵

باب (۴) : انقلابی شاعری کی تعریف اور خصوصیات ۳۶-۴۶

باب (۵) : کلامِ اقبال میں انقلابی عناصر ۴۷-۷۲

باب (۶) : اقبال کی انقلابی شاعری کے اثرات ۷۳-۷۸
خاتمہ اور منابع ۷۹-۸۱

مقالے پر نگران کار کا نام درج نہیں، مقالہ ڈاکٹر محمود حسین لائبریری ، کراچی یونیورسٹی ، کراچی میں محفوظ ہے ۔

* * *

۳ ۔ ''فارسی شاعری کے ذریعے اقبال کا پیغام''

مقالہ : ایم ۔ اے (فارسی)، کراچی یونیورسٹی، کراچی، ۱۹۷۶ء

صفحات : ۸۵

مقالہ نگار : محمد احمد خاں

دیباچہ :

باب ۱ : سوانح اقبال ۱-۱۵

باب ۲ : تصنیفاتِ اقبال ۱۶-۱۸

باب ۳ : اقبال کی فارسی تصنیفات پر تبصرہ ۱۹-۳۱

باب ۴ : اقبال کے فارسی کلام کی خصوصیات ۳۲-۵۱

باب ۵ : اقبال کا پیغام ۵۲-۷۶

باب ۶ : اقبال کے پیغام کی تاثیر ۷۷-۸۲

خاتمہ : ۸۳

فہرست منابع : ۸۴

یہ مقالہ ڈاکٹر محمود حسین لائبریری ، کراچی یونیورسٹی ، کراچی میں محفوظ ہے - نگرانِ کار کا نام مقالے پر ثبت نہیں ، تاریخ اور سال بھی معلوم نہیں ، یونیورسٹی میں مقالے کا اندراج ۶ مارچ ۱۹۷۶ء کو ہوا ہے ، اس بنا پر قیاس کیا جا سکتا ہے کہ یہ مقالہ ۱۹۷۶ء کے بعد کا نہیں -

* * *

۴ - ''اقبال کی فارسی شاعری کی قدر و قیمت اور خصوصیات

مقالہ : ایم - اے (فارسی) ، کراچی یونیورسٹی، کراچی، ۱۹۵۴ء

صفحات : ۶۲

مقالہ نگار : محمد صلاح الدین صدیقی

Preface : 1

Introduction : 2—6

Chapter I : Conception of Art 7—11

II : Philosophy of Self 12—20

III : Philosophy of Society 21—32

IV : Style of his Poetry 32—39

V : Characteristics 40—54

VI : Form of Poetry 55—61

Bibliography : 62

مقالے پر نگرانِ کار کا نام درج نہیں ، مقالہ ڈاکٹر محمود حسین لائبریری ، کراچی یونیورسٹی ، کراچی میں محفوظ ہے ۔

* * *

۵ - ''اقبال کی فنی تراکیب''

مقالہ : ایم - اے (فارسی) ، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور ، ۱۹۷۲ء

صفحات : ۳ + ۱۸ + ۷۷۷

مقالہ نگار : انور سلطانہ

نگرانِ کار : سید وزیر الحسن عابدی

انتساب : i

دیباچہ : iii-ii

مقدمہ : [ابجد ، ہوز ، حطی ، کلمن ، ق)

اقبال کا آرٹ : [، ب ، ج

اقبال کی فنی تراکیب کا جمالیاتی پہلو : ج ، د ، ہ ، و ، ز

اقبال کی تراکیب کا فکری پہلو : ز ، ح ، ط ، ی ، ک

ترکیباتِ اقبال کے مطالعے کی اہمیت : ک ، ل

علامات اور طریقِ استفادہ : م ، ن ، ق

یہ تراکیب ، فارسی کتب (ارمغانِ حجاز ، اسرار و رموز ، پس چہ باید کرد ، پیامِ مشرق ، جاوید نامہ ، زبورِ عجم ، مسافر)

سے ماخوذ ہیں ۔ کتابوں کا پورا نام بار بار لکھنے کے بجائے مخففات سے کام لیا گیا ہے ۔ ہر ترکیب کے سامنے کتابوں کے صفحات اور اشعار کے نمبر دے دیے گئے ہیں ، مثلاً پہلی ترکیب کے اندراج کی صورت یہ ہے :

آبِ بحر :

گر گم گشتہ' آغوشِ دریا ست
ولیکن آبِ بحر آبِ گہر نیست

[ار : ص ۱۷۴ ، ب ۲]

تراکیب کو ابجدی ترتیب دی گئی ہے :

الف : ۱-۶۴ ر : ۳۳۵-۳۷۱

ب : ۶۵-۱۰۸ ز : ۳۷۲-۳۸۴

پ : ۱۰۹-۱۳۲ ژ : ۳۸۴

ت : ۱۳۳-۱۷۰ س : ۳۸۵-۴۳۰

ث : ۱۷۱ ش : ۴۳۱-۴۶۲

ج : ۱۷۲-۲۰۵ ص : ۴۶۳-۴۷۷

چ : ۲۰۶-۲۱۹ ض : ۴۷۸-۴۸۲

ح : ۲۲۰-۲۳۴ ط : ۴۸۳-۴۹۳

خ : ۲۳۵-۲۷۴ ظ : ۴۹۴

د : ۲۷۵-۳۲۳ ع : ۴۹۵-۵۱۸

ذ : ۳۲۴-۳۳۴ غ : ۵۱۹-۵۲۷

ف : ۵۲۸-۵۴۷ م : ۶۳۳-۷۰۲

ق : ۵۴۸-۵۶۶ ن : ۷۰۳-۷۴۹

ک : ۵۶۷-۵۹۷ و : ۷۵۰-۷۵۶

گ : ۵۹۸-۶۱۸ ہ : ۷۵۷-۷۶۷

ل : ۶۱۹-۶۳۲ ی : ۷۶۸-۷۷۲

''چند ایک تراکیب جو کہ غلطی سے رہ گئی تھیں ، اُن کو مقالے کے آخر میں (صفحہ ۷۷۳-۷۷۷) حروفِ ابجد کی ترتیب سے لکھ دیا ہے ۔''
[مقدمہ : صفحہ ''ق'']

''کلامِ اقبال کا فکری اور فنی تجزیہ اُس کے کلام کی صحیح اندازہ گیری اور تحسین کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے ۔ اس تجزیے کا حق ادا کرنے کے لیے ترکیباتِ اقبال کی کامل فہرست نگاری اور طبقہ بندی اتنی ہی اہم ہے ؛ پھر ان ترکیبات کے مطالعے کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ اقبال کے اسلوبِ بیان میں کوئی ترکیب اُس وقت تک نہیں اُبھرتی جب تک فکر کی گہرائی اور گیرائی اس کی متقاضی نہ ہو . . اسی وجہ سے اقبال کی ہر فنی ترکیب میں ایک ایسی جامعیت ملتی ہے کہ اکثر پورے شعر کے مفہوم کا نقش ، اس شعر کی ایک ہی ترکیب میں اُبھرتا ہے ۔''
[مقدمہ ، صفحہ ''ک'']

''جناب عابدی صاحب نے مجھے اقبال کی فنی تراکیب کی فہرست سازی کی طرف توجہ دلائی (صفحہ ii) (اور) اس مقالے کی تیاری اور تکمیل میں . . . قدم قدم پر انتہائی شفقت اور مہربانی سے میری رہنمائی کی ۔''
[دیباچہ ، صفحہ iii]

* * *

(د) نثر نگاری :

۱ - اردو متکوب نگاری ــ غالب سے اقبال تک
گیتی آراء ، ۱۹۶۴ء

۲ - مکاتیبِ اقبال کا فکری و فنی پہلو
صفورا سلطانہ ، ۱۹۶۱ء

۳ - اقبال کی شخصیت اور شاعری مکاتیب کے آئینے میں
عتیق الرحمٰن ، ۱۹۷۳ء

۴ - اقبال کے افکار و نظریات خطوط کے آئینے میں
حسن بانو ، ۱۹۷۳ء

۵ - اقبال کے افکار و نظریات ملفوظات کے آئینے میں
شائستہ خانم ، ۱۹۷۵ء

۶ - اقبال کی اردو نثر کا تنقیدی جائزہ
غفور احمد سلیمی ، ۱۹۷۳ء

۱۔ ''اردو مکتوب نگاری۔غالب سے اقبال تک''

مقالہ : ایم - اے (اردو) ، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور ، ۱۹۶۴ء

صفحات : ۳ + ۶۷۴ + ۱۴

مقالہ نگار : گیتی آراء

نگرانِ کار : ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار

پیش لفظ : ا - ح

پہلا باب : خطوط نگاری ۱-۵۰

دوسرا باب : غالب اور آن کے معاصرین کے خطوط ۵۱-۱۶۶

تیسرا باب : سرسید اور آن کے معاصرین کے خطوط ۱۶۷-۳۶۹

چوتھا باب : ابوالکلام، اقبال* اور آن کے معاصرین کے خطوط ۳۷۰-۶۶۰

پانچواں باب : اردو خطوط نگاری۔روایت اور اس کی اہمیت ۶۶۱-۶۷۴

ماخذ : ۱-۱۴

*[علامہ اقبال کے خطوط کا جائزہ ، صفحہ ۳۰۵-۵۵۴]

"اردو مکتوب نویسی . . . ایک طویل و وسیع موضوع ہے . . . اس مقالے سے دل چسپی پیدا کرنے کے سلسلے میں جو چیز مشعلِ راہ ہوئی ، وہ اس مقالے میں رہنمائی کرنے والی شخصیت کی پرخلوص رہبری (تھی) . . . اس وسیع کام اور مواد کو اپنی ہمت کے مطابق سمیٹنے اور ترتیب دینے کی حتی الامکان کوشش کی ، اس کے لیے ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار کی مشفقانہ توجہ نے اس مقالے کی تیاری کے ہر وقت اور ہر قدم و ہر منزل پر میری مدد و عالی حوصلگی کی اور مفید مشوروں کے علاوہ مواد کی فراہمی میں بھی خاطر خواہ مدد کرنے کے علاوہ مختلف مسائل حل کرنے میں میری رہنمائی کی جس کے لیے میں آن کی ممنون احسان ہوں ۔"

[پیش لفظ : ا - ب]

* * *

۲ - ''مکاتیبِ اقبال کا فکری و فنی پہلو''

مقالہ : ایم - اے (اردو) ، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور ۱۹۶۱ء

صفحات : ۱۳۸+۳

مقالہ نگار : صفورا سلطانہ

نگران کار : ڈاکٹر سید عبد اللہ

دیباچہ : ا - ج

باب اول : خطوط کی اہمیت : ادبی اور سوانحی ۱-۱۸

باب دوم : اقبال کے خطوط کے مجموعے اور اُن کی تفاصیل ۹-۲۵

باب سوم : اقبال کی شخصیت ، اُن کے خطوط کے آئینے میں ۲۶-۴۶

باب چہارم : فکرِ اقبال کے مطالعہ کے سلسلے میں خطوطِ اقبال کی اہمیت ، یعنی اہم نظریات کی تشریح خطوطِ اقبال کی مدد سے کس طرح ہوئی ۴۷-۹۱

باب پنجم : خطوطِ اقبال کے آئینے میں معاصر علمی اور سیاسی شخصیتوں کی چہرہ کشائی ۹۲-۱۰۷

باب ششم : اقبال کا اسلوبِ بیان جہاں تک کہ
خطوں سے ظاہر ہوا ، یعنی نثرنگار
کی حیثیت سے ۱۰۸-۱۲۵
باب ہفتم : ایک آخری بحث* ۱۲۶-۱۳۴
کتابیات : ۱۳۵-۱۳۸

پانچویں باب میں جن شخصیات کا ذکر آیا ہے ان میں آغا خاں ، راس مسعود ، مولانا گرامی ، اکبر ، قائد اعظم ، کشن پرشاد ، شاد ، حسن نظامی وغیرہ شامل ہیں ۔

*(i) پچھلے ابواب کا خلاصہ : ۱۲۶-۱۲۸
(ii) اقبالیات : خطوطِ اقبال اور نقاد ۱۲۹-۱۳۴

''اس مقالے کا مطالعہ کرتے وقت یہ بات ذہن میں رکھنا ضروری ہے کہ بنیادی موضوع اقبال کا اسلوبِ نگارش بھی ہے ، چنانچہ مختلف ابواب میں یہی بحث جاری رکھی گئی ہے کہ انھوں نے اپنے نجی خطوط اور وہ خطوط جو ان کے دوستوں کے نام تھے ، ان میں انھوں نے کن کن باتوں کا خیال رکھا ہے ۔ میری بحث ان کے طرزِ تحریر تک محدود ہے ۔ یہ کوشش بھی ضرور کی گئی ہے کہ جہاں تک ہو سکے ان کی ذہنیت اور شخصیت کی بھی تصویر سامنے آ جائے ۔ مجھے اعتراف ہے کہ بعض جگہ سلسلۂ خیال بکھر گیا ہے اور ایک ہی خیال مختلف ٹکڑوں میں بٹ کر رہ گیا ہے اور بعض جگہ تکرار پیدا ہوگئی ہے ۔'' [دیباچہ : ج]

''مقالے میں اگر کچھ ''سکت'' ہے تو وہ ڈاکٹر سید عبداللہ کی انتہائی مشفقانہ رہنمائی اور پروفیسر سید وقار عظیم اور ڈاکٹر عبادت بریلوی کے مفید مشوروں کی مرہونِ منت ہے ۔''

[دیباچہ : ج]

۳ - ''اقبال کی شخصیت اور شاعری مکاتیب کے آئینے میں''

مقالہ : ایم - اے (اردو) پنجاب یونیورسٹی ، لاہور ۱۹۷۲ء

صفحات : ۲۴۴+۳

مقالہ نگار : عتیق الرحمٰن

نگرانِ کار : ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی

پیش لفظ : ا - ج

پہلا باب : سوانحی خاکہ ۱-۱۰۱

دوسرا باب : سیرت : رجحانات و عادات ۱۰۲-۱۳۱

تیسرا باب : شعری و نثری تخلیقات ۱۳۲-۲۴۲

کتابیات : ۲۴۳-۲۴۴

''میں نے اس مقالے میں اقبال کی زندگی ، شخصیت اور شاعری کو موضوع بنایا ہے - اس مقالے کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے :

(۱) سوانح

(۲) سیرت

(۳) ادبی تخلیقات

پہلے باب میں تاریخی ترتیب سے اقبال کی زندگی کے حالات جمع کیے گئے ہیں - سب سے پہلا خط جو اُن کی زندگی کے بارے میں روشنی ڈالتا ہے وہ ۱۹۰۳ء کا ہے اس لیے اس مقالے (باب) کا آغاز ۱۹۰۳ء سے ہوا ہے اور انتہا ۱۹۳۸ء پر -"

[پیش لفظ : ب]

"دوسرے باب میں اقبال کے عادات و خصائل ، اُن کے رجحانات و میلانات اور چیدہ چیدہ ہم عصروں کے بارے میں اُن کے خیالات درج ہیں - یہ خیالات بھی اُن کی سیرت کا ایک جزو ہیں -"

[پیش لفظ : ج]

"تیسرے باب میں اُن کی تصانیف کا ذکر ہے :

(ا) شعری تصانیف/تخلیقات ۱۳۲-۲۱۵
(ب) نثری تصانیف/تخلیقات ۲۱۶-۲۲۸
(ج) ناتمام تصنیفی منصوبے ۲۲۹-۲۴۲

"استادِ گرامی جناب ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی . . . . نے مقالے کا خاکہ تیار کرنے میں مدد فرمائی - اس کے علاوہ کتابوں کی فراہمی میں بھی میرا ہاتھ بٹایا اور جب بھی مجھے کوئی اُلجھن پیش آئی ، اُنھوں نے اسے دور کرنے کی کوشش کی اور مقالے کے دوران وہ برابر میری ہمت افزائی کرتے رہے - اگر اُن کی بے پایاں عنایات میرے شاملِ حال نہ ہوتیں تو میں یہ مقالہ نہ پیش کر سکتا -"

[پیش لفظ : ج]

* * *

۴ ۔ ''اقبال کے افکار و نظریات خطوط کے آئینے میں''

مقالہ : ایم ۔ اے (اُردو) ، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور ، ۱۹۷۳ء

صفحات : ۳۸۳

مقالہ نگار : حسن بانو

نگرانِ کار : ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی

دیباچہ : ا-ج

باب اول : مذہبیات ۱-۴۵

باب دوم : تصوف ۴۶-۷۴

باب سوم : فلسفہ و حکمت ۷۵-۹۸

باب چہارم : سیاسیات ۹۹-۱۶۳

باب پنجم : ادبیات ۱۶۴-۲۸۱

باب ششم : تحقیقی مسائل و تلاش کتب ۲۸۲-۳۲۶

باب ہفتم : متفرقات ۳۲۷-۳۸۲

کتابیات : ۳۸۳

"موضوع کے اعتبار سے مختلف ابواب قائم کیے ہیں ، پھر ان ابواب کو متعدد فصلوں میں تقسیم کیا گیا ہے . . . ہر باب کی ابتدا میں بطور تمہید اس باب کی ترتیب واضح کر دی گئی ہے - - - - اقتباسات کی تالیف و ترتیب میں موضوعات کے علاوہ تاریخی تقدیم و تاخیر کو بھی حتی الامکان ملحوظ رکھا گیا ہے - - - - جملہ ماخوذ اقتباسات کی مناسب تقسیم و ترتیب کے بعد بہت سے ایسے اقتباسات بچ رہے جو - - - - (متعینہ) موضوعات میں سے کسی موضوع کے تحت درج نہیں کیے جا سکتے تھے- - - - ایسے تمام اقتباسات کو نظرانداز کر دینا مناسب نہ تھا لہٰذا ان کے لیے متفرقات کا ایک جداگانہ باب قائم کرنا پڑا - - -"

[دیباچہ :ب]

"حتی الامکان یہ کوشش کی گئی ہے کہ یہ مجموعہ اقبال کے آن تمام افکار و آراء پر محیط ہو جن کا اظہار مکتوبات کے مختلف مجموعوں میں کہیں نہ کہیں کیا گیا ہے - - - میں اپنے نگران جناب ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی کی ممنون ہوں کہ آن کی ذاتی توجہ سے مواد کی فراہمی اور ترتیب کے مختلف مراحل بہ سہولت طے ہوگئے -"

[دیباچہ : ج]

* * *

۵ - ''اقبال کے افکار و نظریات ملفوظات کے آئینے میں''

مقالہ : ایم - اے (اردو) ، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور ، ۱۹۷۵ء

صفحات : ۳۴۴

مقالہ نگار : شائستہ خانم

نگران کار : ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی

ترتیب : ا-ہ

دیباچہ : و-ح

باب اول : مذہبیات ۳-۶۵

دوم : تصوف ، فلسفہ و حکمت ۶۶-۱۱۶

سوم : سیاسیات ۱۱۷-۱۹۵

چہارم : ادبیات و فنون لطیفہ ۱۹۶-۲۳۵

پنجم : عمرانیات ۲۳۶-۲۶۲

ششم : شخصیات ۲۶۳-۲۸۰

ہفتم : طنز و مزاح ۲۸۱-۲۹۳

ہشتم : ذاتیات ۲۹۴-۳۲۵

نہم : متفرقات ۳۲۶-۳۴۲

ماخذ : ۳۴۳-۳۴۴

''علامہ اقبال کے ملفوظات و ارشادات کا ذخیرہ بے پایاں ہے۔ آن کے ہر ملاقاتی کے پاس آن کا کوئی نہ کوئی ارشاد محفوظ ہے اور ایسے تمام ملفوظات و ارشادات کی فراہمی اور جمع آوری بے انتہا دشوار ہے۔ بہرحال مختلف کتب و رسائل میں بکھرے ہوئے ملفوظات تجزیاتی ترتیب سے جمع کیے گئے ہیں اور ان میں سے بیشتر کی علمی و افادی حیثیت مسلم ہے۔ بعض وجدانی کیف کے سرمایہ دار ہیں اور بعض کی نوعیت شخصی و سوانحی ہے۔ ان ملفوظات کے مطالعے سے علامہ کے انداز فکر و نظر کے مختلف پہلو روشن ہو جاتے ہیں۔ یہ ملفوظات گویا حضرت علامہ کے کلام کی شرح و تفسیر ہیں۔''

[دیباچہ ، صفحہ ح]

''جناب ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی صاحب . . . . جدید و قدیم کا حسین امتزاج ، عاشق و فریفتۂ اقبال ، میرے نگران مقالہ . . . . طلباء و طالبات میں روکھے پھیکے اور خشک و سخت مشہور ہیں مگر ان کا اسلوبِ درس و تدریس، ان کا علمی و ادبی تشخص ، ان کے اصول اور ان سے لگن... میں ان سے غایت درجہ متأثر ہوں۔''

[دیباچہ ، صفحہ و]

* * *

٦ - ''اقبال کی اردو نثر کا تنقیدی جائزہ''

مقالہ : ایم - اے (اردو) ، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور ، ۱۹۷۳ء

صفحات : ۳+۱۱۵

مقالہ نگار : غفور احمد سلیمی

نگران کار : ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار

پیش لفظ : ا-ج

پہلا باب : اقبال کا نثری سرمایہ ۱-۱۳

دوسرا باب : اقبال کے نظریات و افکار
—خطوط کی روشنی میں ۱۴-۵۴

تیسرا باب : اقبال کی علمی نثر :
تقاریظ ، مضامین ، دیباچے اور
علم الاقتصاد کے حوالے سے ۵۵-۹۲

چوتھا باب : اقبال کی ادبی نثر
اسلوب نگارش اور تنقیدی جائزہ ۹۳-۱۱۳

کتابیات : ۱۱۴-۱۱۵

''اقبال کی اردو نثر کا تنقیدی جائزہ'' ایک ایسا موضوع ہے جس پر آج تک کوئی کام ہوا ہی نہیں ۔ ۔ ۔''

[پیش لفظ :]

''میرا 'کچھ نہ کچھ' نہ لکھنا اگرچہ اہمیت نہیں رکھتا ، تاہم ایک طالب علم کی سعی ہے ۔ مجھے اعتراف ہے کہ میں پوری طرح اس میں کامیاب نہیں ہوسکا ہوں ۔ میری یہ جسارت ہی مجھے مطمئن کرنے کے لیے کافی ہے کہ میں نے اقبال کی نثر کا ایک نیا باب کھولا ہے ۔''

[پیش لفظ : ب]

''مقالے کے مواد کے سلسلے میں میں نے بہت سے عالم اساتذہ سے ملاقاتیں کیں ، تاہم استاد محترم جناب افتخار احمد صدیقی صاحب اور جناب عبداللہ قریشی صاحب کا میں بے حد ممنون ہوں کہ انھوں نے میری مشکل حل کرنے میں معاونت فرمائی ۔''

[پیش لفظ : ج]

''مجھے ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار صاحب جیسے شفیق استاد کی رہنمائی میں مقالہ مکمل کرنے کا شرف حاصل ہوا ہے ۔ ۔ ۔ ان کی بے پناہ شفقت ہی میرے لیے اس مقالے کی تکمیل کا باعث بنی ۔''

[پیش لفظ : ج]

*　　*　　*

(۵) افکار و تصورات :

۱ - اقبال کا تصور بقائے دوام	امتیاز بانو	۱۹۷۲ء
۲ - علامہ اقبال کا تصور کائنات	ممریز خان	۱۹۷۳ء
۳ - اقبال کے معاشی نظریات	رفعت یعقوب	۱۹۷۵ء
۴ - اقبال کے معاشی تصورات	منظور الاسلام	۱۹۷۱ء
۵ - اقبال کے تہذیبی و معاشرتی تصورات	زاہد محمود	۱۹۷۴ء
۶ - علامہ اقبال کے تعلیمی نظریات	محمد افضل محمد نذیر محمد عاشق	۱۹۷۵ء
۷ - اقبال کا نظریۂ فن	نبیلہ صمد	۱۹۷۳ء
۸ - اقبال کی شاعری میں فرد اور جماعت کا تصور	سلیقہ خاتون	۱۹۶۷ء
۹ - اقبال کے نظام فکر میں عورت کا تصور	عصمت افزاء	۱۹۷۰ء
۱۰ - عورت اقبال کی نظر میں	حذاقت آراء	۱۹۶۲ء
۱۱ -اقبال اور فرنگیت	راشدہ شیخ	۱۹۷۲ء
۱۲ - اقبال اور تہذیب مغرب	تابندہ نذیر	۱۹۷۱ء

۱۳ -	اقبال کا فلسفۂ حیات	مبارک علی مرزا	۱۹۵۴ء
۱۴ -	اقبال کا ذہنی ارتقاء	فریدہ مفتی	۱۹۶۲ء
۱۵ -	Iqbal on Time.	خالدہ بہار	۱۹۶۸ء
۱۶ -	Iqbal on the Nature of Prophecy	کشورجمال لاری	۱۹۷۰ء
۱۷ -	Iqbal's Conception of Personality and Modern Psychology.	محمد نواز حسرت	۱۹۶۵ء
۱۸ -	Iqbal's Philosophy of Education.	میاں محمد طفیل	۱۹۵۹ء
۱۹ -	Iqbal's Concept of 'Ego' and Leibniz's Monadology.	محمد فاروق	۱۹۷۶ء
۲۰ -	Iqbal's Perfectionism.	محمد اسلم ملک	۱۹۶۳ء

* * *

۱ - ''اقبال کا تصور بقائے دوام''

مقالہ : ایم - اے (فلسفہ)، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور ، ۱۹۷۲ء

صفحات : ۱۱۸ (قلمی)

مقالہ نگار : امتیاز بانو

نگران کار : نعیم احمد

	انتساب :	۱
	شکریہ :	۲-۳
	تعارف :	۵-۷
پہلا باب	: بقائے دوام کے فلسفیانہ نظریات	۸-۴۴
دوسرا باب	: بقائے دوام کے مذہبی نظریات	۴۵-۶۳
تیسرا باب	: اقبال کا تصور بقائے دوام	۶۴-۹۲
چوتھا باب	: ماحصل	۹۳-۱۱۵
	کتابیات :	۱۱۶-۱۱۸

''اس مختصر سے مقالے میں ''میں'' نے روح کے غیر فانی ہونے کا - - - - علامہ اقبال کے نظریات کے حوالے سے جائزہ لیا ہے -''

[صفحہ ، ۶]

''پہلے باب میں ، میں نے افلاطون سے لے کر موجودہ دور تک مختلف فلسفیوں کے اس موضوع پر پیش کیے گئے افکار کا اجمالی سا جائزہ لیا ہے - دوسرے باب میں مختلف مذاہب میں انسان کی روح کے غیر فانی ہونے کے بارے میں جو تصورات دیے گئے ہیں ان کا جائزہ پیش کیا ہے - تیسرا باب اس سلسلے میں علامہ اقبال کے نقطۂ نظر کی تشریح کرتا ہے اور آخری باب میں ، میں نے مختلف حوالوں سے علامہ اقبال کے نظریے کی تشریح کا تنقیدی اور توصیفی جائزہ لیا ہے -''

[صفحہ ، ۷]

''میں اپنے محترم استاد جناب نعیم احمد صاحب کی شکر گزار ہوں - - - - جو میرے نگران ہی نہیں تھے بلکہ زندگی کا اکثر و بیشتر درس میں نے ان ہی کی ذات گرامی سے حاصل کیا ہے - - - - (انھوں نے) نہ صرف اس مقالے میں میری رہنمائی کی بلکہ میں سمجھتی ہوں کہ میری ایم - اے کی تکمیل بھی انھیں کی کوششوں کا صلہ ہوگا -''

[صفحہ ، ۲]

* * *

۲ - ''علامہ اقبال کا تصور کائنات''

مقالہ : ایم - اے (فلسفہ)، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور ، ۱۹۷۳ء

صفحات : ۶۷

مقالہ نگار : ممریز خاں

نگران کار : نعیم احمد

معروضات : ۱-۳

باب اول : دیباچہ—اقبال کا نظریۂ تخلیق کائنات ۴-۱۲

باب دوم : تخلیق کائنات کا فلسفیانہ تصور ۱۳-۳۷

باب سوم : مذہبی تصور تخلیق کائنات ۳۸-۵۱

باب چہارم : علامہ اقبال کا تصور کائنات ۵۲-۶۴

کتابیات : ۶۵-۶۷

''علامہ اقبال کے تصور کائنات پر کسی نے بھی کچھ لکھنے کی ضرورت محسوس نہیں کی - - - - میں اپنی یہ کاوش ایم - اے (فلسفہ) کے امتحان کے لیے پیش کرتے ہوئے مسرت و انبساط محسوس کرتا ہوں کیونکہ یہ موضوع منفرد نوعیت کا ہے

اور اس پر اس کی اہمیت کے باوجود کسی نے قلم اُٹھانے کی کوشش نہیں کی ۔"

[معروضات ، ۱]

"اس مقالے میں میں نے فلسفیانہ تصور کائنات اور مذہبی تصور کائنات کے حوالے سے علامہ اقبال کے تصور کائنات کو دیکھنے کی کوشش کی ہے اور یہ حقیقت ہے کہ علامہ اقبال نے اپنے نظریات اور افکار کی آبیاری ان ہی دو خوابوں سے کی ہے ۔"

[معروضات ، ۲]

"رئیس شعبۂ فلسفہ ، خواجہ غلام صادق ۔ ۔ ۔ ۔ نے مجھے ہمیشہ قدم قدم پر رہنمائی دی ہے ۔ اس مقالے میں بھی ان کی رہنمائی میرے آڑے آئی ہے اور اس مقالے میں زیادہ تر ان کے دیے ہوئے خطوط کو ہی اپنانے کی کوشش کی گئی ہے ۔ ۔ ۔ ۔ پروفیسر نعیم احمد صاحب میرے اس مقالے کے نگران ہیں ۔ یہ میری خوش قسمتی ہے کہ مجھے ان جیسا ہمدرد اور شفیق نگران اور استاد ملا ۔"

[معروضات ، ۲]

* * *

۳ - "اقبال کے معاشی نظریات"

مقالہ : ایم - اے (معاشیات) ، پنجاب یونیورسٹی لاہور ، ۱۹۷۵ء

صفحات : ۸+۱۰۲

مقالہ نگار : رفعت یعقوب

نگرانِ کار : ڈاکٹر رفیق احمد

اظہار تشکر		"د"
تعارف		ڈ ، ذ ، ر
باب (۱)	: معاشیاتِ اقبال کا تاریخی پس منظر	۱۴-۱
باب (۲)	: "علم الاقتصاد" کا مختصر جائزہ	۲۳-۱۵
باب (۳)	: جاگیرداری	۳۵-۲۴
باب (۴)	: سرمایہداری و ملوکیت	۵۲-۳۶
باب (۵)	: ملکیتِ زمین	۷۰-۵۳
باب (۶)	: اشتراکیت	۸۹-۷۱

باب (۷) : اقبال کے معاشی نظریات پر ایک
مجموعی نظر ۹۰-۹۸
کتابیات : ۹۹-۱۰۰
اشاریہ برائے حوالہ جات : ۱۰۱-۱۰۲

میں محترم ڈاکٹر رفیق احمد (پروفیسر شعبۂ معاشیات ، ڈین فیکلٹی آف آرٹس ، پرووائس چانسلر ، پنجاب یونیورسٹی) کی تہہ دل سے مشکور و ممنون ہوں جنھوں نے اپنی بے پناہ مصروفیات میں سے وقت بچا کر مجھے مستقل حوصلہ افزائی اور مسلسل رہنمائی بخشی اور میں اس قابل ہوئی کہ اس مقالے کو پایۂ تکمیل تک پہنچا سکی ۔''

[صفحہ ''د'']

''میں اپنی خالہ محترمہ سعیدہ بخش ، پرنسپل فیڈرل گورنمنٹ گرلز کالج ، کوہاٹ کینٹ کی شکرگزار ہوں جنھوں نے اس مقالے کی تصنیف و ترتیب میں بیش قیمت مشورے دیے اور آخر میں اپنے ایک واجب الاحترام بزرگ جناب عبدالوحید خالد صاحب کی بھی ممنون ہوں جو اس مقالے (کے مختلف) مراحل طے کرنے میں کوشاں رہے ۔''

[صفحہ : ''ر'']

''۱۹۰۳ء میں جدید معاشیات کے موضوع پر اردو میں پہلی کتاب منظرِ عام پر آئی جس کے مصنف اقبال تھے ۔ یہ ان کی پہلی تصنیف ہے اور اس میں ان کی سوچ اور خیالات نے ایک واضح رخ اختیار کیا جس کا ثبوت ان کی بعد کی تحریروں میں

موجود ہے - - - انھوں نے اپنے خیالات کی ترجمانی کا ذریعہ شاعری کو بنایا مگر اس میں انھوں نے معاشیات کے پہلو سے روگردانی نہیں کی بلکہ اس کو جائز مقام دیا - سائنسی نقطۂ نگاہ سے وہ ماہر اقتصادیات تو نہ بن سکے لیکن ان کی شاعری میں عصرِ حاضر کے اہم اور بنیادی معاشی مسائل جن کے موزوں حل کے بغیر قومیں تباہ ہو جاتی ہیں ، کا متوازن تجزیہ موجود ہے اور اس تجزیے کا آغاز ''علم الاقتصاد'' سے ہوا اور اختتام ان کی شاعری میں ہوا -''

[صفحہ : ۱۶]

* * *

۴ ۔ ''اقبال کے معاشی تصورات''

مقالہ : ایم ۔ اے (اردو) ، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور ، ۱۹۷۱ء

صفحات : ۲ + ۱۹۹

مقالہ نگار : منظورالاسلام

نگرانِ کار : ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی

دیباچہ : ا - ب

پہلا باب : جاگیردارانہ و سرمایہ‌دارانہ نظام ہائے معیشت ۱-۴۴

دوسرا باب : اشتراکی نظامِ معیشت ۴۵-۱۰۶

تیسرا باب : اسلام کا عادلانہ معاشی نظام ۱۰۷-۱۹۵

کتابیات : ۱۹۵-۱۹۹

پہلے باب کے مشمولات :

(ا) علمِ معاشیات ۱-۵

(ب) اقبال کی نظم میں معاشی مسئلے کی اہمیت ۵-۸

(ج) جاگیردارانہ نظامِ معیشت ۸-۲۰
(د) سرمایہدارانہ نظامِ معیشت ۲۰-۴۴

دوسرے باب کے مباحث :

اشتراکی نظامِ معیشت ، قدیم
اشتراکی مفکرین ، اشتراکیت
کی علمی تاریخ ، اشتراکیت کا
معاشی پہلو وغیرہ ۴۵-۷۸
اقبال اور اشتراکیت ۷۹-۱۰۶

تیسرے باب کے کوائف :

اسلام کے عادلانہ معاشی نظام
سے بحث اور سرمایہدارانہ نظام
اور اسلام کے عادلانہ نظام کا
موازنہ ، اسلام اور اشتراکیت ،
اشتراکی نظام اور اسلامی نظامِ
معیشت کا موازنہ ، اسلام کے
اقتصادی نظام کا اجمالی نقشہ : ۱۰۷-۱۸۵

اسلام کے اقتصادی نظام کے
بارے میں اقبال کا نقطۂ نظر ۱۸۵-۱۹۴

''ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی صاحب نے سید وقار عظیم صاحب کے مشورے سے میرے لیے ''اقبال کے معاشی تصورات'' جیسا اہم عنوان تجویز کیا ۔ ۔ ۔ مقالے میں علامہ اقبال کے معاشی تصورات کو ان کی نگارشات (نظم و نثر) کی روشنی میں مرتب

کیا گیا ہے - - - (میں) ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی صاحب کی انتہائی مشفقانہ رہنمائی کا مرہونِ منت (ہوں) - ڈاکٹر صاحب موصوف نے ہر مشکل مرحلے میں میری حوصلہ افزائی فرمائی اور - - - قدم قدم پر اپنے تجربے اور علمی تبحر سے مستفید فرماتے رہے - ان کے ذاتی کتب خانے کی کتابیں بھی میرے لیے سرمۂ چشم بنی رہیں"-

[دیباچہ : ۱]

* * *

۵ ۔ "اقبال کے تہذیبی و معاشرتی تصورات"

مقالہ : ایم ۔ اے (اردو) ، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور
۱۹۷۴ء

صفحات : ۲۲۶

مقالہ نگار : زاہد محمود قریشی

نگرانِ کار : ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار

پیش لفظ : ا-ر

پہلا باب : تہذیب و معاشرت ۱-۴۶

دوسرا باب : ہند اسلامی معاشرے میں تہذیبی کشمکش ۴۷-۸۲

تیسرا باب : اقبال کے تصورات ۱۹۰۸ء تک ۸۳-۱۲۹

چوتھا باب : اقبال کے تصورات ۱۹۰۸ء سے آخر تک ۱۳۰-۲۰۸

پانچواں باب : نتائج ۲۰۹-۲۲۱

کتابیات : ۲۲۲-۲۲۶

"خواجہ زکریا صاحب کی پرمغز خاکہ نگاری اور محترم ڈاکٹر

غلام حسین ذوالفقار صاحب کی شفیق ڈانٹیں اور کتربیونت شاملِ حال نہ ہوتیں تو یہ مقالہ کبھی اپنے اختتام کو نہ پہنچ سکتا - - - بہرحال ہماری یہ مشترکہ کاوش حاضرِ خدمت ہے -"

[پیش لفظ ، صفحہ "ر"]

* * *

٦ ۔ "علامہ اقبال کے تعلیمی نظریات"

مقالہ : ایم ۔ ایڈ ، ادارۂ تعلیم و تحقیق ، پنجاب یونیورسٹی لاہور ، ۱۹۷۵ء

صفحات : ٦٨

مقالہ نگار : چودھری محمد افضل صابر
محمد نذیر کھوکھر ، محمد عاشق قیصر

نگرانِ کار : منور ابنِ صادق
ڈاکٹر چودھری محمد اشرف

اظہارِ تشکر : ج

باب اول : تعارف ۷-۱

باب دوم : اقبال—سوانح و شخصیت ۳۰-۸

